256/ROP

اِنَّ مِنَ الشِّعرِ لَحِکمَۃً وَّاِنَّ مِنَ البَیَانِ لَسِحرًا

274 DEC 1999
4-89

رشحاتِ قدسیّہ

یعنی

کلام فصاحت التیام محبوبِ سبحانی غوث صمدانی سیدنا عبدالقادر جیلانی رضی

جامع۔ مترجم۔ شارح

ابوالفضل سید محمود قادری خلیفہ جگر گوشہ غوث الثقلین نقیب الاشرف پیر ابراہیم سیف الدین گیلانی

Acc. No.
305

بحسن مساعی

محمد ولایت حسین صدیقی (بی ایس سی) و سید شاہ نصیرالدین بسمل ابوالعلائی

ٹرسٹی معارف اسلامیہ ٹرسٹ — معتمد عمومی ٹرسٹ

Acc. No.
305

سلسلہ مطبوعات معارف اسلامیہ ٹرسٹ نمبر (۱۳)

کاتب ۔ حبیب ہادی رفاعی
تعداد اشاعت (۵۰۰)
سن اشاعت ۱۹۸۷ء
مطبع اعجاز پرنٹنگ پریس چھتہ بازار حیدرآباد
ہدیہ پینتیس (۳۵) روپے سکہ ہند

ملنے کے پتے

۱۔ اسٹوڈنٹ بکڈپو چارمینار حیدرآباد
۲۔ مینار بکڈپو " "
۳۔ حسامی بکڈپو " "
۴۔ بک سائٹ عابد روڈ "
۵۔ الکتاب پبلشرز " "
۶۔ دفتر معارف اسلامیہ ٹرسٹ۔ ڈیوڑھی مولوی سید محمودؒ فتح دروازہ
20-7-175 حیدرآباد 500265

نوٹ: ۔ اضلاع اور بیرون ہند کو نصف ہدیہ پیشگی روانہ کرنے پر کتاب پارسل ہوگی ۔

مندرجات

ہیں اشعار یہ شاہ بغداد کے
رکھیں کیوں نہ سر پر انہیں خاص و عام

ہے بس ان کی تعریف یہ مختصر
کلام الملوک ملوک الکلام

۱	مراحت اشعار ۲	نمبر صفحات ۳
	تصریحات الف تا س (ا)	
۱	شرعت بتوحید الالٰہ مبسملا	۱ تا ۱۰
۲	سالتک یا جبار یا سامع الندا	۱۱ - ۱۲
۳	یا رب الطف بی بنیل مطالبی	۱۳
۴	رفعت علی اعلی الوری اعلامنا	۱۴
۵	یا دار اسماء بانت عنک اسماء	۱۵
۶	اذا کان منا سید فی عشیرۃ	۱۶ - ۱۷
	علاھا وان کان الخناق حماھا	
۷	کفاک ربک کم یکفیک واکفۃ	۱۷
	کفکافھا کمین کاب فی خلکا	
۸	ومذ عنک غبنا ذالک العام اننا	۱۸ - ۱۹
	(ب)	
۹	ما فی الصبابۃ منھل مستعذب	۱۹ تا ۲۲
۱۰	یا طالبین وصالنا فتقربوا	۲۳ تا ۲۶
۱۱	اذا نظرت عینی وجوہ حبائبی	۲۷
۱۲	عودونی الوصال والوصل عذب	
۱۳	اذا کنت عن عین العیان مخبیا	۲۹
	فما انت عن قلبی وسری بغائب	
۱۴	دنوت من المحبوب اعلی المراتب	۳۰ تا ۳۱
۱۵	تجلی لی المحبوب من غیب الحجب	۳۲ تا ۳۳
۱۶	فلیت تحلوا والحیاۃ مریرۃ	۳۳
۱۷	اذا نظرت عینی وجوہ حبائبی	۳۴
۱۸	ھنیئا لصحبی انني قائد الرکب	۳۵
	(ت)	
۱۹	طاب شربی المدام فی الخلوات	۳۶ - ۳۷
	(ج)	
۲۰	علی بابنا قف عند ضیق المناھج	۳۸
	(د)	
۲۱	یا من تحل بذکرہ عقد النوائب والشدائد	۳۸ تا ۴۰
۲۲	یا حبیب الالٰہ خذ بیدی	۴۱
۲۳	اذا ضاق امری اشتکیت لخالقی	۴۲ - ۴۳
۲۴	ان البلاد وما فیھا من الشجر	۴۳ تا
۲۵	حنین قلوب العارفین الی الذکر	۴۴
۲۶	علمی علی کل الخلائق ینتشر	۴۴ - ۴۵
۲۷	ایا نفحۃ الالطاف من لطف ربنا	۴۶ - ۴۷
	ویا سرعۃ الیسر المشتق للعسر	
۲۸	انا ایۃ اللہ العظیم ونورہ	۴۷ تا ۴۹
	انا رحمۃ فی کل ارض تنتشر	
۲۹	لا تسقنی وحدی فما عودتنی	۵۰
	انی اشح بھا علی جلاسی	
	(ف)	
۳۰	الحب سکر خمارۃ التلف	۵۰
	(ق)	
۳۱	ھذا جمال اللہ فاین العاشق	۵۱
۳۲	ذاق خلقی مکارم الاخلاق	۵۲ تا ۵۵

(ل)

۳۳	إذا لم يكن في الخلق خمس فوائد	
	وإلا فدجال يقود إلى الجهل	۵۶
۳۴	قل لمن طاف بكاسات الهوى	۵۷-۵۸
	وسقى العشاق مما قد نهل	
۳۵	رفع الحجب عن بدور الكمال	۵۸تا۵۹

(ص)

۳۶	كشف لي في سنجا ولذيذ مامي	۵۹تا۶۲
۳۷	لي همة تبضها تعلوا على الهمم	۶۲تا۶۳
۳۸	روحي الفت بحبكم في القدم	۶۴
۳۹	وما ينفع الاعراب ان لم يكن تقي	۶۴

(ن)

۴۰	فتجلى لي غير محتجب	
	وانجلت بالنور اذهان	۶۴-۶۵

(ه)

۴۱	انا راغب فيمن تقرب وصفه	۶۵
۴۲	فناء الفقير فناءه في ذاته	۶۶
۴۳	إن ابطأت غارة الارحام وابتعدت	
	فاسرع الشيء منا غارة الله	۶۶تا۷۰

(ء)

	يا دار اسماء إنت عنك اسماء	۷۱
	يارب اظفر في بنيل مطالبي	۷۱-۷۲
	من فيض جودك ارحم الرحماء	

(ی)

۴۶	سقاني الحب كاسات الوصال	۷۳تا۷۸
۴۷	سقاني الحب لما ان سقاني	۷۸تا۷۹
۴۸	دعاني للمدام وما جفاني	۸۰ - ۸۱
۴۹	فقري اليكم عن الاكوان اغناني	۸۲
۵۰	ساشربها في كل دير وبيعة	۸۲
۵۱	نظرت الى العرش المجيد بحضرتي	۸۳تا
۵۲	انا القرآن والسبع المثاني	۸۷
۵۳	اصبحت الطف من سرا النسيم سرى	۸۸
۵۴	اليس للانسان ان لياليا	
	تمر بلا نفع فتحسب عن عمري	۸۹
۵۵	ساشربها في كل دير وبيعة	۸۹
	واظهر للعشاق ديني ومذهبي	۹۰
۵۶	ساداتي ساداتي بحقي عليكم	
	انني عندكم عزيز وغالي	۹۰-۹۱
۵۷	الناس راحي وذكرا الحق مطلوبي	۹۱-۹۲
۵۸	قلبي قطبي وقالبي لبناني	۹۲-۹۳
۵۹	نظرت بعين القلب في خان حضرتي	۹۳-۹۷
۶۰	ولما صفا قلبي وطابت سريرتي	۹۸تا۱۰۴

تمت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تصریحات

شاعری کیا ہے؟ وارداتِ قلبی کا اظہار یا دلی جذبات کی ترجمانی۔ لیکن جس طرح طبقاتِ انسانی کے مدارج ہیں اور سب انسان اپنی فطری صلاحیتوں اور کمالات میں یکساں نہیں بلکہ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰی بَعْضٍ کے تحت اپنے ابنائے جنس پر فضیلت جزوی یا کلّی رکھتے ہیں اسی طرح تمام شعراء کو ایک ہی صف میں کھڑا نہیں کیا جا سکتا۔ ایک شاعر بنتا ہے دوسرا شاعر پیدا ہوتا ہے۔ دونوں شعر کہتے ہیں لیکن ایک فطری شاعر کا کلام خود بخود پکار اٹھتا ہے ؎ من چیزے دیگرم۔ اس کا کلام لوازمِ شاعری سے برتر و بالا ہوتا ہے۔ ممکن ہے کہ وہ فاعلاتن فاعلاتن فاعلات سے بھی ناآشنا ہو لیکن اس کا کلام "بہ از آبِ حیات" ہوتا ہے جو دلوں کو نئی زندگی بخشتا اور مُردہ تنوں میں روح پھونکتا ہے کیونکہ ؎

دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے
پَر نہیں طاقتِ پرواز مگر رکھتی ہے

پھر یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ بعض شاعری "گل و بلبل" کے افسانے تک محدود ہوتی ہے اور بعض "شمع و پروانہ" کی حکایت پر ختم ہو جاتی ہے۔ بعض شاعر مناظرِ قدرت کی دل فریبیوں میں گم ہو جاتا ہے اور بعض "بادہ و پیمانہ" کی سرمستیوں سے بےخود ہو کر جھومنے لگتا ہے۔ بعض کی آواز "چنگ و رباب" کے نغموں میں گھل مل جاتی ہے اور بعض ؎ "شمشیر و سناں اوّل۔ طاؤس و رباب آخر" کا پیام دیتا ہے اور قوموں کے عروج و زوال کا نقشہ پیش کر کے اپنی قوم کو خوابِ غفلت سے بیدار کرنا چاہتا ہے اور کبھی اس صف سے ایک ایسا شاعر بھی پیدا ہوتا ہے کہ جس کی زبان "زبانِ قدرت" اور جس کا کلام "کلامِ فطرت" ہوتا ہے۔ وہ مناظرِ قدرت کی عکاسی یا بہار و خزاں کے انقلابات یا تاریخ نویسی یا افسانہ نگاری کی بجائے خزانۂ غیب کے ان زر و جواہر کو سمیٹ سمیٹ کر لاتا ہے جو دوسروں کی دسترس سے باہر ہوتے ہیں وہ جب بولتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ نہیں بول رہا ہے بلکہ اس کی زبان سے کوئی اور بول رہا ہے "اسرارِ ازل" کے خزانے اس کے لئے کھول دیے جاتے ہیں۔ قدم قدم پر اس کو نیا انکشاف اور تازہ الہام ہوتا ہے اس قسم کی شاعری کو "جزویست از پیغمبری" کہا گیا ہے اور یہی وہ شعراء ہیں جنہیں "تلامیذ الرحمٰن" کا لقب دیا گیا ہے ایسا شاعر "اسرارِ ازل را نہ تو دانی و نہ من" کہنے کی بجائے ؎ وَ اطلعنی علٰی سرّ قدیم وَ قلّدنی وَ اعطانی سؤالی کا نعرہ لگاتا ہے اس کا کلام "پیامِ محبت" ہوتا ہے جو ٹوٹے ہوئے رشتوں کو جوڑتا اور دلوں کے ناسوروں کو مندمل کرتا ہے بادۂ محبت سے سرشار ہو کر وہ خود جھومنے نہیں لگتا بلکہ ؎

وَ هِیئُوا وَ اشربوا انتم جنودی   فَساقی القوم بالوافی ملالی

کی عام دعوت دے کر دوسروں کو بھی ساغرِ محبت پلانا اور اپنے ساقی کے قدموں پر ڈالنا چاہتا ہے۔ اس کے نغموں میں دل کی دھڑکنوں کی آواز صاف سُنائی دیتی ہے۔ جو کچھ وہ کہتا ہے دل سے کہتا ہے اس لئے دلوں پر چوٹ لگتی ہے اور آنکھوں سے بے اختیار آنسوؤں کا سیلاب بہنے لگتا ہے۔ سننے والا بعض اوقات یہ سمجھنے لگتا ہے کہ جو کہا جا رہا ہے وہ حدیثِ دیگراں نہیں بلکہ یہ اسی کے وارداتِ قلب ہیں بمصداق ؎

دیکھنا تقریر کی لذّت کہ جو اس نے کہا
میں نے یہ سمجھا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے

اس کی شاعری فطرتِ انسانی کے ان سوالات کا حل پیش کرتی ہے جو ماورائے عالم سے متعلق ہیں اور جن کا تعلق مشاہدات سے نہیں بلکہ محسوسات سے ہوتا ہے۔

بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ اس کا کلام عام فہم و ادراک سے بالاتر ہو جاتا ہے کیونکہ وہ جس مقام سے جو کہتا ہے وہاں تک عام فکرِ انسانی کی رسائی نہیں ہوتی اس لئے سُننے والا متحیّر اور سراسیمہ ہو جاتا ہے۔ اک عقل و دانش ان اصطلاحات سے نامانوس ہوتی ہے لیکن جن کا حاسّۂ قلبی لطیف، جن کی عقل رَسا اور جن کی نظر تیز ہوتی ہے وہ تا بحدّ اپنی استعداد کے بہرہ اندوز ہو جاتے ہیں۔

بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ محسوساتِ باطنی کے اظہار کے لئے الفاظ اپنی بے بسی کا اظہار کر دیتے ہیں۔ اس وقت کہنے والے کو مجبوراً لفظی قیود اور تصنّعات سے بے پروا ہو کر اپنے مافی الضمیر کو ادا کرنا پڑتا ہے۔ یہاں اس کا اصل منشا اپنے محسوسات اور واردات کی ترجمانی سے زائد نہیں ہوتا۔ شاعرانہ فن کاری کا اظہار اس کا مقصود نہیں ہوتا لیکن اس کے باوجود اس کے کلام میں زندگی ہوتی ہے۔

وہ کلام جو صرف فنّی ترکیبوں، مصنوعی بندشوں اور لفظی آرائشوں کا حامل ہوتا ہے، فنّی نقطۂ نظر سے وہ کتنا ہی بلند سمجھا جائے اس کی مثال اسی خوبصورت مجسّمہ کی ہوتی ہے جو آرٹ کا ایک انمول شاہکار سمجھا جا سکتا ہے لیکن جس میں رُوح نہیں ہوتی لفظی صنّاعی اور ظاہری محاسن کے ساتھ حُسنِ معنے بھی موجود ہو، خوب صورت شکل و صورت اور متناسب اعضائ کے ساتھ ہر رگ و پے میں آثارِ حیات بھی پائے جائیں تو پھر ؎

کرشمہ دامنِ دل می کشد کہ جا اینجا ست

کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔

جہاں فصاحت و بلاغت کا گلشن لہلہا رہا ہو اور روِش روِش پر عروسِ معنے بھی مصروفِ خرام ہو۔ جہاں کی فضا طائرِ سدرہ کے مسحورکن اور دل آویز نغموں سے گونج رہی ہو اور قدم قدم پر زندگی کے چشمے بھی اُبل رہے ہوں جہاں رِندانِ سبوکش بھی جمع ہوں، بادۂ گلفام بھی، ساقیِ سروشی بھی ہو، گردشِ جام بھی، جہاں خزاں کا نام و نشان نہ ہو اور ہمیشہ بہار کا دور دورہ ہو تو اس چمن کی لطافت اور دلفریبی کا کون اندازہ کر سکتا ہے۔ اسے دیکھ کر زبان سے بے ساختہ نکل جاتا ہے ؎

اگر فردوس بر روئے زمین است
ہمین است و ہمین است و ہمین است

عرصۂ دراز قبل مجھے ایسے ہی "فردوسِ بریں" کا پتہ چلا جسکے پھولوں میں گلہائے جنّت کی خوشبو اور جس کی فضا مشک و عنبر سے زیادہ معطّر ہو۔ جہاں محبّت کے نغمے گونج رہے تھے اور زندگی اپنی بہار بتا رہی تھی۔ جہاں شرابِ طہور کی

نہریں بہہ رہی تھیں اور معرفت کے چشمے اُبل رہے تھے۔ دل و دماغ اسی "جنتِ نگاہ و فردوسِ گوش" کو دیکھ کر مسحور ہوگئے۔

جس نے دین کے قالبِ مُردہ میں نئی رُوح پھونکی ہو اور "محی الدین" کے لقب سے پُکارا گیا ہو اگر اس کے گلستانِ سخن میں یہ کیفیت نہ پائی جائے تو اور کہاں پائی جائے۔

خیال ہوا کہ اپنے دامن میں ان پھولوں کو جو مختلف کیاریوں میں پھیلے ہوئے بہار دکھا رہے تھے سمیٹوں اور ان کا گلدستہ تیار کر کے بزم کی رونق بڑھاؤں۔

اس عزم سے جب آگے بڑھا تو دیکھا کہ چنبیلی اور گلاب کے پھولوں میں بعض اور پھول بھی شامل ہوگئے ہیں یعنی دوسرے شعراء کا کلام بھی شریک ہوگیا ہے۔ یہ کوئی نئی بات نہ تھی۔ اس قسم کی آمیزش بیشتر شعراء کے کلام میں ہوئی ہے اس کے مختلف اسباب ہیں مثلاً۔

(۱) متقدمین نے اپنی بیاضوں میں اپنے حسبِ مذاق اشعار جمع کیے لیکن شاعر کا نام تحریر نہیں کیا۔ بعد آنے والوں نے ان سب اشعار کو کسی خاص شاعر کا کلام سمجھ لیا۔ یا یہ ہوا کہ

(۲) قلمی بیاضوں میں بعض شاعر کا نام بھی لکھا گیا لیکن کرم خوردگی کے باعث بعض کلام کے ساتھ شاعر کا نام باقی نہ رہ سکا۔ نتیجتاً وہ کلام بھی اس شاعر کا سمجھ لیا گیا جس کا نام دوسرے اشعار کے تحت تحریر کیا گیا تھا۔ یا یہ ہوا کہ

(۳) اشعار کا رنگ یکساں نظر آیا اور ان کو اسی رنگ اور اسلوبِ بیان کے کسی اور شاعر سے منسوب کر دیا گیا

(۴) بعض دفعہ الحاق بھی ہوگیا۔

جہاں تک میری ناقص رائے ہے حضور غوثیہ کے کلام میں الحاق بہت کم ہوا ہے بلکہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ نہیں ہوا۔ البتہ یہ ضرور ہوا ہے کہ بعض دوسرے شعراء کے کلام کو آپ کی ذاتِ گرامی سے منسوب کر دیا گیا ہے یا نقل در نقل کی وجہ سے کلام میں لفظی ردّ و بدل ہوگیا جس سے صرفی و نحوی غلطیاں رُونما ہوگئیں۔ ان کی اصلاح اور اصل کلام کی تلخیص آسان نہ تھی۔

ابتداً متعدد مطبوعہ اور قلمی نسخے جمع کیے گئے اور پھر ان میں تطبیق کی سعی کی گئی۔ باہمی تطبیق سے اکثر لفظی تبدیلیاں خود بخود رفع ہوگئیں۔ کتب و سیر مناقب اور دواوین کے سیر حاصل مطالعہ سے دوسرے شعراء کا کلام بھی علیحدہ ہوگیا۔ مثلاً بہجۃ الاسرار کے حاشیہ پر عینیہ قصیدہ طبع ہوا ہے جو (۳۹۱) اشعار پر مشتمل ہے اسکو حضرت غوث جیلانیؒ کے اسمِ گرامی سے منسوب کیا گیا ہے۔ یہ قصیدہ مطلعِ ذیل سے شروع ہوتا ہے۔

فؤادٌ بهٖ شمسُ المحبّةِ طالعٌ
ولیس لنجمِ العذلِ فیه مواقعُ

جب یہ قصیدہ میری نظر سے گزرا تو اس کا اسلوبِ بیان مختلف معلوم ہوا اور شبہ ہوا کہ یہ قصیدہ حضور کا نہیں ہے۔ یہ شبہ یقین کی صورت میں بدل گیا جب حضرت عبدالکریم جیلی[۲] کی تصنیف "انسانِ کامل" مطالعہ میں آئی اس میں آپ نے جا بجا اس عقیدے کے اشعار نقل کئے ہیں اور اس کے ساتھ یہ تحریر فرمایا ہے کہ "ولقد قلتُ فی قصیدۃٍ لی" یعنی میں نے اپنے قصیدے میں یہ شعر بنایا ہے فوراً نتیجہ نکل آیا کہ دراصل پورا قصیدہ حضرت عبدالکریم جیلیؒ کا طبع زاد ہے قیاس نے یہ رائے قائم کرنے پر مائل کیا کہ قلمی نسخے میں "عبد ال   الجیلی" کے الفاظ تو موجود تھے لیکن درمیانی لفظ "کریم" کرم خوردگی کے باعث غائب تھا پڑھنے والوں نے لفظ "عبد" اور پھر "جیلی" سے یہ رائے قائم کی

کہ درمیانی لفظ "قادماً" تھا اب جو طباعت کا موقع آیا تو یہ قصیدہ بجائے "عبدالکریم الجیلی" کے آپ کے اسم گرامی سے منسوب کر کے شائع کر دیا گیا۔ چنانچہ دُرّ الدارین میں بھی حضرت سید شاہ غلام علی قادری الموسوی نے اسکو حضرت غوثیت مآب رضؓ سے منسوب کیا ہے۔

اسی طرح وہ قصیدہ جو أتطلب ان تكون كثير مال

ويُسمع منك د . وما كل حال

کے مطلع سے شروع ہوتا ہے بہجۃ الاسرار میں آپ کے نام سے شائع ہوا ہے لیکن مرقع کلیمی مولفہ حضرت شاہ کلیم اللہ جہاں آبادی کے صفحہ (۳۷) پر حضرت امام غزالی کے نام سے طبع ہوا ہے اسلوب بیان میں حضور کا کلام تسلیم کرنے میں مانع ہے اسی طرح سلطان العاشقین ابی الفارض الکبری کا مشہور قصیدہ

اِکشف حجابُ التجلّی وَ اَحیینی بالتملّی
وَ انِ بدالك قتلیٌ فانتَ فی الفِ حلی
مالی سِوی الروح خذها وَالرّوح جهد المقلّ
اَخذتُ منی بعضی فلیهُ کان کُلّی
وَ قفتُ بالباب دهرًا عسیٰ افوز فلیتهٗ
مالیِ بغیرِكَ شغلٌ وَ انتَ غایة شغلی

آپ سے منسوب کیا گیا ہے لیکن دیوان ابی الفارض میں یہ موجود ہے اور اُستاذی بحر العلوم مولانا عبدالقدیر صدیقی نے بھی روح الادب فی کلام العرب میں حضرت ابی الفارض کے نام سے شائع فرمایا ہے۔

الغرض مطبع کی ایجاد سے قبل اسی قسم کی صورتیں اکثر پیش آئی ہیں۔

"فیوضات ربانیہ" میں

خُذ بلطفكَ یا الٰهی من لهٗ زادٌ قلیلٌ
مُفلسٌ بالصدق یاتی عند بابكَ یا جلیل

کے مطلع سے جو قصیدہ شروع ہوتا ہے وہ بھی حضرت غوث پاکؓ سے منسوب کیا گیا ہے لیکن عام طور پر یہ حضرت ابوبکر صدیق رضؓ سے منسوب و مشہور ہے۔ آخری شعر کی آخری بیت

انتَ یا صدیق عاصٍ تُب الیٰ مولی الجلیل

سے اس کی مزید وضاحت ہو جاتی ہے

اب فارسی زبان کی بعض رباعیات ملاحظہ فرمائیں جس سے معلوم ہو گا کہ کس طرح ایک ہی رباعی مختلف شعراء کے نام سے منسوب کی گئی ہے۔

اس خصوص میں پہلے مشہور رباعی گو شاعر عمر خیام کا کلام ملاحظہ فرمائیے کہ کس طرح دوسرے شعراء کے کلام کو جن کا اسلوب بیان عمر خیام سے ملتا تھا یہ سمجھ کر کہ یہ بھی "عمر خیام" کا ہو گا اس کے مجموعہ کلام میں شامل کر دیا گیا اور بعض دفعہ خود عمر خیام کی رباعیوں کو دوسرے شعراء کی رباعیوں میں شریک کر دیا گیا۔

عمر خیام کی حسب ذیل رباعی زبان زد خاص و عام ہے

گر مے نخوری طعنہ مزن مستاں را گر دست دہد توبہ کنم یزداں را
تو فخر بدیں کنی کہ من مے نخورم صد کار کنی کہ مے غلام ست آں را

یہ رباعی مجموعہ رباعیات آتشکدۂ ایران میں افضل کاشانی متوفی ۷۰۷ھ کے نام سے طبع ہوئی ہے اسی طرح حسب ذیل رباعی بھی افضل کاشانی کے نام سے طبع ہوئی ہے حالانکہ عمر خیام کی ہے

بت گفت بہ بت پرست کاے عابد ما ‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌ دانی زچہ روی گشتۂ ساجد ما
بر ما بہ جمال خود تجلی کردست ‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌ آں کس کہ زتست ناظر و شاہد ما

رباعی ذیل کو "مجموعہ اسلامبول" اور "المعجم البارد" میں مولانا روم سے منسوب کیا گیا ہے۔

عاشق ہمہ روز مست و شیدا بادا ‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌ دیوانہ و شوریدہ و رسوا بادا
در ہشیاری غصۂ ہر چیز خوریم ‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌ چوں مست شدیم ہر چہ بادا بادا

رباعی ذیل مجموعہ رباعیات آتشکدۂ ایران میں افضل کاشانی سے اور المعجم البارد میں امیر خسرو سے منسوب کی گئی ہے۔

خواہی ز فراق در فغاں دار مرا ‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌ خواہی ز وصال شادماں دار مرا
من با تو نگویم کہ چناں دار مرا ‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌ زاں ساں کہ دلت خواست چناں دار مرا

اسی طرح عمر خیام کی اس رباعی کو افضل کاشانی سے منسوب کیا گیا ہے اور بعض نے ہمتی کو گنجوی شاعر دور سنجر سے منسوب کیا ہے

اے چرخ فلک خرابی از کینۂ تست ‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌ بیدادگری عادت دیرینۂ تست
اے خاک اگر سینۂ تو بشگافند ‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌ بس گوہر قیمتی کہ در سینۂ تست

تذکرۂ حسینی مطبوعہ نول کشور ۱۲۵۲ھ میں صفحہ (۳۴۷) پر رباعی ذیل شیخ نجم الدین رازی متوفی ۹۵۴ھ سے منسوب کی گئی ہے "خیابان عرفان" میں بھی رازی کے نام سے طبع ہوئی ہے لیکن "آتشکدۂ آذر" میں شیخ محی الدین متوفی ۶۱۶ھ سے منسوب کی گئی ہے۔

ہر سبزہ کہ بر کنار جوئے رستست ‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌ گویا ز لب فرشتہ خوئے رستست
پا بر سر سبزہ تا بخواری ننہی ‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌ کاں سبزہ ز خاک لالہ روئے رستست

رباعی ذیل شیخ الاسلام حضرت عبد اللہ انصاری متوفی ۴۸۱ھ سے منسوب کی گئی ہے حالانکہ عمر خیام کی ہے۔

گر از پیٔ شہوت و ہوا خواہی رفت ‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌ از من خبرے کہ بے نوا خواہی رفت
بنگر چہ کسے و از کجا آمدہ‌ای ‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌ می داں کہ چہ می کنی کجا خواہی رفت

رباعیات مولانا روم میں دوسرا شعر اسی طرح ہے

در در گذری از یں بہ بینی بہ عیاں ‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌ کز بہر چہ آمدی کجا خواہی رفت

اور "المعجم البارد" میں نجیب الدین جرباذقانی سے اسکو منسوب کیا گیا ہے

خیام کی مشہور رباعی ہے۔

مے نوش کہ عمر جاودانی این ست ‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌ خود حاصلت از دور جوانی این ست
ہنگام گل و مل است و یاراں سرمست ‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌ خوش باش دمے کہ زندگانی این ست

لیکن دیوان حافظ مطبوعہ نول کشور ۱۲۸۹ھ میں اسی کو حافظ شیرازی کے نام سے شائع کیا گیا ہے۔

اسی طرح یہ رباعی ابو سعید ابو الخیر کے نام سے شائع ہوئی ہے۔

ترکیب طبائع چو بکام تو دمے ست ‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌ تو داد کن از ہر چہ کہ بزم سخنے ست

با اہلِ خرد نشیں کہ اصلِ من و تو   گردے و شرارے و نسیمے و نمے ست

"المغنم البارد" میں صفحہ (٦٩) پر اس کو بطریقِ ذیل مہدی کوکب سے منسوب کیا گیا ہے

چوں حاصلِ عمر تو فریبے و دمے ست   بیدار ممکن گر ترا ہر دم ستمے ست

مغرور مشو بخود کہ اصلِ من و تو   گردے و شرارے و نسیمے و نمے ست

رباعی ذیل حضرت ابو سعید ابو الخیر، حافظ شیرازی، افضل کاشانی تینوں سے منسوب ہے

گردوں کمرے ز عمر فرسودۂ ماست   جیحوں اثرے ز چشم پالودۂ ماست

دوزخ شررے ز رنجِ بیہودۂ ماست   فردوس دمے ز وقتِ آسودۂ ماست

رباعی ذیل حضرت ابو سعید ابو الخیر سے منسوب ہے لیکن "آتشکدۂ آذر" میں مقصود بترگر کے نام سے اور "المغنم البارد" میں قلندر کے نام سے طبع ہوئی ہے۔

از باد صبا دلم چو بوئے تو گرفت   ما را بگذاشت جستجوئے تو گرفت

اکنوں ز منش ہیچ نمی آید یاد   بوئے تو گرفتہ بود خوئے تو گرفت

"ہفت اقلیم" میں رباعی ذیل فخر الدین رازی کے نام سے تحریر ہے اور اسی کو رباعیات افضل کاشانی کے نام سے شائع کیا گیا ہے فرق صرف اس قدر ہے کہ ردیف بجائے "آید" کے "بود" تحریر کی گئی ہے۔

آں مرد نیم کز عدمم بیم آید   آں نیم مرا خوشتر ازیں نیم آید

جانے ست مرا بعاریت داده خدا   تسلیم کنم چو وقتِ تسلیم آید

چند اور مثالیں ملاحظہ ہوں۔

از واقعۂ ترا خبر خواہم کرد   واں را بدو حرف مختصر خواہم کرد

با عشقِ تو در خاک فرو خواہم رفت   با مہر تو سر ز خاک بر خواہم کرد

یہ رباعی "آتشکدۂ آذر" اور "شمع انجمن" میں سلطان ابو یزید آلِ مظفر برادر شاہ شجاع سے منسوب کی گئی ہے لیکن "کالس الکرام" شرح رباعیات خیام میں اس کو قطران بن منصور ترمذی سے منسوب کیا گیا ہے جو انوری کا استاد تھا تذکرۂ حسینی میں رباعی ذیل غیاث الدین بلخی تخلص بہ ہمتی کے نام سے شائع ہوئی ہے۔

در دہر ہر آنکہ نیم نانے دارد   وز بہر نشست آستانے دارد

نے خادمِ کس بود نہ مخدوم کسے   گو شاد بزی کہ خوش جہانے دارد

لیکن کلیات خاقانی میں خاقانی کے نام سے اور رباعیات افضل میں افضل کے نام سے طبع ہوئی ہے

رباعی ذیل بھی عمر خیام کی ہے لیکن اسے شاہ قاسم بن شاہ قوام سے اور "تذکرہ ہفت اقلیم" و "کشکول بہائی" میں سیمابی کے نام سے منسوب ہے۔

گویند بحشر گفتگو خواہد بود   واں یارِ عزیز تند خو خواہد بود

از خیر محض بجز نکوئی ناید   خوش باش کہ عاقبت نکو خواہد بود

رباعی ذیل کو امام غزالی سے منسوب کیا گیا ہے اور "المغنم البارد" میں افضل کاشانی کے نام سے طبع ہوئی ہے

کس را پسِ پردۂ قضا راہ نشد   وز سرِ خدا ہیچ کس آگاہ نشد

ہر کس ز سرِ قیاس چیزے گفتند   معلوم نگشت و قصہ کوتاہ نشد

عمر خیام کی مشہور رباعی ہے۔

من مے خورم و ہر کہ چو من اہل بود — مے خوردنِ من بہ نزد او سہل بود
مے خوردنِ من حق زازل می دانست — گر مے نخورم علمِ خدا جہل بود

لیکن تاریخ گزیدہ میں سراج الدین قمری کے نام سے شائع ہوئی ہے۔
اسی طرح یہ رباعی بھی عمر خیام کی ہے مگر اس کو ابو نصر فارابی کے نام سے بادنی تغیر منسوب کر دیا گیا ہے
ملاحظہ ہو نگار نامہ عطائی اور المعجم البارد

اسرارِ ازل وجود خام و ناپختہ بماند — واں گوہرِ بس شریف ناسفتہ بماند
ہر کس ز قیاس چیزے گفتند — واں نکتہ کہ اصل بود ناگفتہ بماند

رباعی ذیل عمر خیام کی ہے لیکن "مجمع الفصحا" میں حکیم سنائی سے اور رباعیات کاشانی میں افضل سے منسوب ہے

گر آمدنم بمن بُدے نامدمے — ور نیز شدن بمن بُدے کے شُدمے
بہ زاں نہ بُدے کہ اندریں دیر خراب — نے آمدمے نے شُدمے نے بُدمے

تذکرہ صدر مثالیں یہ بتانے کے لئے کافی ہیں کہ مطبع کی ایجاد سے قبل اسی طرح مختلف شعراء کے کلام میں خلط ملط ہو گیا ہے۔ رفتہ رفتہ جب مختلف قلمی نسخے اور دواوین کی باہمی تطبیق ہوتی گئی تو اس شاعر کا خود بخود پتہ چل گیا جس کا یہ کلام تھا اور اسی باہمی تطبیق سے کلام کے اغلاط بھی رفع ہو گئے جو نقل در نقل سے پیدا ہو گئے تھے

بعض اوقات مخصوص اسلوب بیان سے بھی کسی شاعر کا پتہ چلانے میں بڑی مدد ملتی ہے۔ یہ ایک مسلّمہ حقیقت ہے کہ ہر شاعر کا اسلوب بیان یکساں نہیں ہوتا۔ جن کا مطالعہ وسیع ہوتا ہے وہ مختلف شعراء کے طرز کلام سے پتہ چلا لیتے ہیں کہ یہ کلام فلاں شاعر کا ہے گو ان کے سامنے اس شاعر کا نام نہ لیا جائے۔ داغ کے کلام کی سادگی اور روزمرہ بول چال اور صاف و سلیس زبان کو غالب کی دقت پسندی میں تلاش کرنا بے سود ہوگا۔ ناسخ و آتش کی لفظی آرائش تشبیہات اور استعارے میر اور مومن کے کلام میں کہاں ملینگے۔

ایک عرصہ ہوا ڈاکٹر طٰہٰ حسین کا ایک مضمون الہلال مورخہ ۲۶ اگست ۱۹۲۰ء میں شائع ہوا تھا ڈاکٹر صاحب موصوف نے اس خصوص میں اپنی جس رائے کا اظہار کیا ہے اس سے اختلاف نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے لکھا تھا کہ

"شاعر کی تحقیق کس طرح پر کی جانی چاہیے اس کے لئے خود شاعر کی شخصیت سب سے پہلی چیز ہے۔ یہ اس لئے کہ شاعر اپنے شعر میں اپنی شخصیت ضرور رکھتا ہے۔ اگر شاعر کامل ہے تو اس کا دیوان اسکی نفسیت اور تجربات کا آئینہ اور اس کی پوری شخصیت کا مظہر ہوتا ہے۔ اس کی مختلف نظموں میں ایک ہی روح، ایک ہی نفسیت، ایک ہی قوت کارفرما ہوگی۔ بلاشبہ تمام اشعار یکساں نہ ہوں گے۔ لطافت و رونق اور قوت و جودت میں کمی بیشی ہوگی لیکن شاعر کی شخصیت تب ہی نمایاں ہوگی اور وحدتِ شعری اس درجہ واضح ہوگی کہ ذوقِ سلیم فوراً فیصلہ کر دے گا کہ یہ شعر فلاں کا ہے یا یہ شعر فلاں شاعر کے اسلوب پر ہے۔ ہمارے خیال میں یہ طریقِ تحقیق ناقابلِ شک اور فنون ادب میں یکساں طور پر قابلِ عمل ہے خصوصاً شعر غنائی میں اسکی اہمیت غیر معمولی ہے کیونکہ شعر کی یہ صنف نفس کا شفاف آئینہ اور جذبات کا ہی مظہر ہوتا ہے"۔

اس نقطۂ نظر سے حضور غوثیت مآب کے کلام پر غور کیا جائے تو اس میں آپ کی شخصیت نمایاں طور پر دکھائی دے گی۔ کہیں اپنے مقام فنا فی الرسول اور مرتبہ محبوبیت کا اعلان کہیں عبدیت کاملہ کا اظہار اور اسی مناسبت سے اپنے معبود کی حمد و ثنا میں رطب اللسان کہیں ناز، کہیں نیاز، کہیں حقیقت، کہیں مجاز، کہیں محو، کہیں غلبۂ حال الغرض کلام پڑھتے جاؤ آپ کی

حیاتِ طیبہ کا ایک ایک گوشہ نظر کے سامنے آ جائے گا۔

ظاہری نظریں بعض اوقات کلام کی تابناکی سے خیرگی محسوس کرتی ہیں اسلئے کہ جس مقام سے یہ کہا گیا ہے وہاں تک ان کی رسائی نہیں لیکن نظروں کی بے مائگی سے اصل مقام کا تو انکار نہیں کیا جا سکتا۔ بمصداق ؎

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم ۔ چشمۂ آفتاب را چہ گناہ ۔ یا بقول حافظ ؎

سخن چہ محاذنی اے سست نظم بر حافظ ۔ قبولِ خاطر و لطفِ سخن خداداد است

درحقیقت عالمِ حال میں بعض مقامات پر اپنے مرتبۂ خاتمیت ولایت محمدیہ کا اعلان فرمایا ہے۔ یہ وہ مقام ہے کہ جو عام اذہان اور عقلِ انسانی سے ماوراء ہے۔ اس مقام کے عرفان کے لئے پہلے حقیقت محمدیہ کا عرفان ضروری ہے۔ بقول مولانا ابوالکلام آزاد۔

"یہ وہ مقام ہے کہ جب اُن پر کشف و من ہدایات کے سامنے کُھلا تو انہوں نے حقیقت محمدیہ کے احاطہ حیات اور عدم تنزل و بقار بوجہ دائرۃ الادوار اور مرکز ادوار تعینات مابعد اور نقطۂ المحبات فی الاصل والحقیقہ ہونے کے تمام انوار تعینات وجود کو اسکی نورانیت کے سامنے بے فروغ اور ماند پایا اور اسی لئے شیخ اکبرؒ نے اس کو تعینِ اول اور مجدد صحیح اصلاح "عقل اول" کا قرار دیا اور پھر انسان کامل اور "روح الاعظم اور نفس واحدہ اور قلم الاعلےٰ" اور "نور الانوار" اور نفس الکائنہ سے بھی اسکو تعبیر کیا کہ بلحاظ بقار ذکر و دوام فیضان و احسان وہی ایک "انسان" اسد کامل "روح الاعظم اور نفس الواحدۃ الکائنہ" ہے اور حیات محنویہ مستمرہ نو کے وارض کی مرکزیت صرف اسی کو پہنچتی ہے اور اسی لئے قرآن کریم نے صرف اسی وجود کو "العبد" سے تعبیر کیا کہ ساری عزیمتیں آتی رہتی ہیں مگر صرف یہی وہ عبودیت کاملہ و واحدہ ہے جو ہمیشہ عباد و معبود میں واسطہ ہدایت اور ہمیشہ عبد کو معبود سے داخل کر دینے کے لئے دوام قائم ہے۔ وقال الحافظ البوصیریؒ۔

مُنَزَّہٌ عن شریكٍ فی محاسنہٖ ۔ فجوھر الحسن فیہ غیر مُنقسِم

اور چونکہ نوع انسانی کی سعادت و تنویر کا مرکز بس وہ وجود انبیاء کرام ہے اور حقیقت محمدیہ بحکم "وجئنا بك على هؤلاء شهيدا" ان سب سے مافوق اور شمس و کواکب اور صباح و مصباح کے معاملہ کا حکم رکھتی ہے اس لیے حیات قائمہ و دائمہ کا "نور الانوار اور مصباح المصابیح" صرف وہی دائرہ ٹھیرا اور اسی لئے شیخ اکبرؒ نے اسمار کو "حقیقۃ الاسماء" اور "لوحِ محفوظ" سے بھی تعبیر کیا سبحان اللہ آخری سمیۃ و تعبیر کس درجہ ترجمانِ حقیقت و موافی بالشرع والعقل ہے۔ دُنیا میں جس قدر بھی ہدایت و تعلیم کی لوحیں ہیں سب کے لئے تغیر و تبدل ہوا حتیٰ کہ آج کوئی محفوظ نہیں لیکن اللہ اکبر! مقام محمدی کی معنویت و معنوئیت کہ اسکی سیرتِ طیبہ و حیات حمید قائمہ کی لوح محفوظ کا ایک لفظ بھی محو نہ ہو سکا اور قرآن محفوظ و کتاب مسطور فی رقٍّ منشور اور فی صدور الذین اُوتوا العلم میں اس کا ایک ایک حرف ایک ایک لفظ اسی طرح نقش و ثبت ہے اور ہمیشہ رہے گا جس طرح قلم ازل نے صبح تعین کی کرنوں سے لکھ دیا تھا پس قرآن کے لئے اگر کوئی ہستی لوح محفوظ ہو سکتی ہے تو وہ صرف وہی روح اعظم اور خالد ہے جسکے ذکر کو خود قرآن نے اپنے آغوشِ حفظ و صیانت میں ہمیشہ کے لئے لیا ہے۔ حضرت سید العارفین شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ عنہ نے اسی نام کی طرف یہ فرما کر اشارہ کیا ہے

اَفَلَتْ شُمُوسُ الاَوَّلِینَ وَشَمْسُنَا

ابداً علی اُفُقِ العُلے لا تَغْرُبُ"

اب جو ولایت مطلقہ محمدیہ کا خاتم ہوگا وہ بھی اپنے عین کا مارا پورا مظہر ہوگا۔ دیکھو آئینہ میں جب آفتاب کا عکس پڑتا ہے تو وہ بھی آفتاب کی مانند چمک اٹھتا ہے اور جس طرح نظر آفتاب کو نہیں دیکھ سکتی اسی طرح وہ اس آئینہ پر نہیں جم سکتی جس میں جمال آفتاب منعکس ہو۔

یہی وہ مقام ہے جسکو صاحب فتوحات مکیہ نے نسبت محمدی سے تعبیر کیا ہے اور انہی کے الفاظ میں

"امت مرحومہ کے قطبیت وفاتحیت اور ولایت کبریٰ کا منتہا مرتبہ یہی ہے۔ بعض صوفیا نے اسکو "مقام اتحاد" سے تعبیر کیا ہے یعنی" اتباع اور تعشق وتشبہ بالا تباع کے کمال تفانی واستہلاک سے بحکم المرء مع من احبہ عن المرء لا تسئل وسل عن قرینہ سطیع وسطارع محبوب کے تمام صفات اور خصائص سے تمثل وتخلق اور عینیت ویگانگت سے بہرہ اندوز وفائز المرام ہوکر فاذا ابصرتہ ابصرتنی کا معاملہ پیش آجاتا ہے بمصداق ؎

من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو جان شدی
تاکس نگوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری۔

مولانا احمد رضا خاں بریلوی نے حضور غوثیت مآب سے مخاطب ہوکر کیا خوب کہا ؎

مصطفیٰ کے تن بے سایہ کا سایہ دیکھا جس نے دیکھا میری جاں جلوۂ زیبا تیرا

کہا جاتا ہے کہ "معرفت نفس" کے بعد زبان بند ہو جاتی ہے بحکم من عرف نفسہ فقد کلّ لسانہ لیکن اسکے آگے ایک ایسا مقام بھی آتا ہے جہاں "دستور زباں بندی" کی بجائے "تحدیث نعمت" اور "اعلان مقام" کا حکم ہوتا ہے اب کہنے والا جو کچھ کہتا ہے اپنی طرف سے نہیں کہتا بلکہ وہ اس طرح کہنے پر ماذون ہوتی ہے اسکو حکم ہوتا ہے واما بنعمۃ ربک فحدث۔ اسکو اظہار فخر نہیں بلکہ اطاعت امر اور اظہار حقیقت کہا جائے گا۔ کما قال سید نا الجیلی رضی اللہ

وما قلت هذا القول فخرا وانما
أتى لي الاذن حتى تعلموا حقيقتي

بہرحال خوب سمجھ لو ؎ آئینہ مغرور حسن خویشتن ہرگز نہ شد
بلکہ می بیند جمالے در جمال خویشتن

عندلیب شیراز اس بارے میں یوں نغمہ سرا ہیں۔

در پس آئینہ طوطی صفتم داشتہ اند
آنچہ استاد ازل گفت ہماں می گویم

فاتح باب ولایت سیدنا علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ نے بھی اپنا تعارف اس طرح فرمایا تھا۔

"میں بائے بسم اللہ کا نقطہ ہوں، میں جنب اللہ ہوں جس کے حق میں تم سے تقصیر واقع ہوئی ہے۔ میں قلم ہوں، لوح محفوظ ہوں، میں عرش ہوں، میں کرسی ہوں میں سات آسمان اور زمین ہوں۔

(مذہب منصور حصہ دوم ص۵)

اور اپنے فرزند ارجمند امام حسن رضی سے مخاطب ہوکر "عرفان نفس" کا یوں درس دیا تھا۔

دواءک فیک وما تشعر وداءک منک وما تبصر
وتزعم انک جرم صغیر وفیک انطوى العالم الاکبر

اللہ اکبر! اس عالم اکبر کا کون احاطہ کر سکتا ہے جسکی وسعت کے سامنے ساری کائنات کوتاہئ دامن کا اقرار

کرنے پر مجبور ہو جس آئینہ میں آفتاب کا پورا پورا عکس جلوہ فگن ہو اس کی تابناکی اور جلوہ ریزی کا کہنا ہی کیا ہے جہاں اس کا کوئی گوشہ بھی ضیائے آفتاب سے منور ہو گیا تو سارے کواکب کی روشنی اسکے سامنے مدھم پڑ گئی۔ آؤ اس بزم نور کی ایک جھلک دیکھو۔

حضرت شاہ ولی اللہ کا اسم گرامی سننے میں آیا ہوگا۔ انہی کی زبان سے ان کا تعارف سنو۔

"ترجمہ میں وہ یوں رقم طراز ہیں: - "نعمتِ عظمیٰ بریں ضعیف آنست کہ او را خلعتِ فاتحیہ ولادند و فتح دورِ باز پسیں بر دستِ دے کردند اور "تفہیمات" میں تحریر فرماتے ہیں۔

"بسرم دادہ اند کہ ایں حقیقت ہر دم برساں امروز وقت - وقتِ لست و دماں زمانِ تو - ولئے برکہ کہ زیر لوائے تو بنا شد"

ایک اور جگہ اس کیفیت کو زیادہ سرمستی کے ساتھ یوں کھولتے ہیں۔

" فَفَهَّمَنِي رَبِّي انا جَعلناكَ امامَ هذه الطريقة وسَدَدْنا طُرقَ الوصول الى حقيقة القُرب كُلَّها اليوم غير طريقة واحدة وهُو مُحبتُكَ و الانقيادُ لك والسماء ليس على من عاداك سَماءً و ليستِ الارضُ عليه بارضٍ. فاهلُ المشرق والمغرب كُلُّهُم رعيتُكَ و انتَ سلطانُهُم - عَلِموا اوَلَمْ يعلموا - فانْ عَلِموا فازُوا وَاِنْ جَهِلُوا خابوا"

ایک اور مقام پر فرماتے ہیں۔

" و مِن نعمِ الله عليَّ ولا فخرَ اَن جَعَلني ناطِقَ هذه الدَّورة و حَكيمها و قائدَ هذهِ الدَّورة وحكيمها و قائدَ هذه الطبقة و زعيمها. فنطقَ على لساني ونفثَ في نفسي - فانْ نَطَقتُ باذكارِ القوم و اشغالِهم نَطقتُ بجوامِعها وَاِن تكلّمتُ على نسب القوم فيما بينهم وبين ربِّهم رُوِيتْ لي مناكبها و قبضتُ على جوامع خطابِها وَ انِ خطبتُ بامرِ اللطايف و غوامِض الحقايق تعرّفتُ قاموسَها و لبستُ ناموسَها و قعدتُ على جلابيبها و اخذتُ تلابيبَها وَان بحثتُ مِنْ عِلم الشرايع و النبوّاتِ فانا ليثُ عرينها و حافظ جريها و وارثُ خزائنها وَ باحثُ مغايبها اقليتهم بعجائبِ لا تحصىٰ وغرائبَ لا اكنا مسائرَ جلي مشعري كم الله من لطيف خفيَّ يَدِقُّ خطاه عن فهمِ الزكيِّ"

ایک اور مقام پر اس طرح اعلان کرتے ہیں:

"بسرم در دادند کہ ایں تقریرِ ایں مردم برساں کہ ایں فقیر اشتے دارد۔ بیک لسان ولی اللہ ابن عبدالرحیم است و بدیگرے انسان است و بدیگرے تامے بدیگرے جسم و بدیگرے جوہر و بلسان آخر باعتبار آں لسان اہم حجرم و ہم شجرم و ہم فرس و ہم جبل و ہم غنم۔ تعلیم اسماء آدم دامن بودم و رنج بر نوح طوفان شد و سبب نصرت او من بودم و رنج بر ابراہیم آتش گلزار گشت من بودم۔ توریتِ موسیٰ من بودم۔ احیا عیسیٰ را من بودم۔ قرآنِ مصطفیٰ من بودم والحمد للہ رب العالمین

(مقدمہ تفسیر القرآن از ابوالکلام آزاد ص ۳۳)

یہ مدارج و مراتب اس ہستی کے ہیں جس نے صرف "ناطِق هذهِ الدورة وحكيمها" کا دعوے کیا تھا۔ اب جس کا دور ازل سے ابد تک ہو ..... اور جس کا آفتاب جاہ و جلال فلکِ اعلیٰ پر دوامًا تاباں و درخشاں ہو جو خاتم ولایت محمدیہ" اور مظہر کاملِ کمالاتِ احمدیہ ہو اس کی منزلت و مرتبت کا کون اندازہ لگا سکتا ہے کہ مجددینِ وقت

اور اولیائے عصر کی بھی صرف اس کے قدموں تک رسائی ہے جن کو وہ "بل علٰی عینی و راسی" کہتے ہوئے اپنے سر اور آنکھوں پر لیا ، اپنے مدارج میں ترقی کا باعث سمجھتے ہیں اس کے آگے کی انہیں بھی خبر نہیں ؎

سر بھلا کیا کوئی جانے کہ ہے کیسا تیرا + اولیا ملتے ہیں آنکھیں وہ ہے تلوا تیرا

بعض کم فہموں نے اس کو ان ذواتِ قدسیہ کی توہین خیال کی اور یکسر "قدمی ھذہٖ علٰی رقبۃ کل ولی اللہ" کا انکار کر دیا یا اس کی اس طرح تاویل کرنے کی کوشش کی کہ قدم سے مراد حضور کا مسلک اور طریقہ ہے ۔ انہیں کیا معلوم کہ ان ذواتِ قدسیہ کی اسمیں توصیف بے پایاں ہے یا ان کے لئے موجب فخر و مباہات و باعث ازدیاد مراتب د وجاہت ہے اس بارے میں حضرت شیخ محقق مولانا عبدالحق محدث دہلوی کی شہادت سنو ۔ وہ اخبار الاخیار میں تحریر فرماتے ہیں کہ

"ہر روے نہ تواں یافت کہ در خدمتِ او قدم از سر نساز دو زیر پائے او سر نہد از دو ایں خود سبب سرفرازی ایشان ست ۔ کسے کہ قدم بہ قدم مصطفٰے بود بلکہ دیدم بقدم او زونہ سعادت آں سراست کہ پائمال او گردد" ۔

زبدۃ الآثار میں شیخ حیات ابن القیس الحرانی کی ایک اور شہادت ملتی ہے جو حسب ذیل ہے :۔

"لما اتاہ الامر بقولہٖ قدمی ھذہٖ علٰی رقبۃ کل ولی اللہ ارادَ اللہ تعالٰی للاولیاء نوراً فی قلوبھم و برکۃ فی علومھم و علواً فی احوالھم ببرکۃ وضعھم رقابھم و رؤسھم مک)

اور یہ سب کس لئے ہوا ؟ اسکی وجہ حضرت ابی سعید القیلوی سے سن لیجئے جس کو بہجۃ الاسرار میں شیخ علی شطنوفی نے نقل کیا ہے

لما قال الشیخ عبد القادر قدمی ھذہٖ علٰی رقبۃ کل ولی اللہ تجلّٰی الحق عزوجل علٰی قلبہٖ و جاءتہ خِلعۃ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بید طائفۃٍ من الملائکۃ المقربین و اُلبسھا بمحضر من جمیع الاولیاء من تقدم منھم و من تأخر ۔ الاحیاء باجسادھم و الاموات بارواحھم وکانت الملائکۃ و رجال الغیب حافین بمجلسہٖ واقفین فی الھواء صفوفاً حتی انسد الافق بھم ولن یبق ولیٌ فی الارض الا حنٰی عنقہٗ"

الحاصل ذٰلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء ۔ یہ خاص موہبت الٰہی ہے کما قال سبحانہٗ تعالٰی واللہ یختص برحمتہٖ من یشاء ؎ یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا ۔

ماشئت قل فیہ فانت مصدق
فالحب یقضی والمحاسن تشھد

مختصراً یہ سمجھ لو ؎ لیس علی اللہ بمستنکر ـ ان یجمع العالم فی واحدٍ

چاہتا تھا کہ صرف اشارات سے کام لوں تفصیلات ارباب علم کے لئے چھوڑ دوں اس لئے کہ ؎

سفینہ چاہیئے اس بحر بیکراں کے لیے

لیکن پھر خیال ہوا کہ ان مقامات کے سمجھنے میں جو الجھنیں ہوتی ہیں ان کے پیش نظر شکوک و شبہات کی وادی کو عبور اور سارے نشیب و فراز کو طے کر لینا ہی مناسب ہوگا تاکہ آئندہ راہ ہموار ہو جائے ۔

اب رہے کلام کے نفائس و دقائق تو ان کا احصار کون کر سکتا ہے ۔ اس بارے میں بھی حضرت شیخ محقق کی شہادت سن لیجئے ۔ زبدۃ الآثار میں آپ نے حسب ذیل شہادت چھوڑی ہے ۔

"ہمچناں کہ فضائل مناقب و خوارق کرامات آں حضرت خارج از دائرہ حصر و احصار است ہمچنیں نفائس کلام او و دقائق اقوال او و دائی ست ۔ عبارات بشرح آں و نہ اشارات

به درک آں ۔ ازیں جہت بشرح و ترجمہ گستاخی و جرأت نہ نمودہ و چیزے از انچہ می رسد بفہم نظام
آں ذکر کردیم تا ایں رسالہ خالی نباشد ۔

علامہ دہر محقق عصر کے تاثرات اور حسنِ ادب کو آپ نے دیکھ لیا ۔ اس کے بعد مجھ جیسے ہیچ مدان سے حضور کے کلامِ بلاغت نظام کی کماحقہٗ تشریح یا ترجمہ کی کیا توقع کی جاسکتی ہے ؎

صلاحِ کار کجا و منِ خراب کجا ۔ ببیں تفاوتِ رہ از کجاست تا بہ کجا

بعض قصائد کا منظوم فارسی ترجمہ حضرت جامی علیہ الرحمہ نے کیا ہے یہ منظوم تراجم فتاوے مجوبیہ سے نقل کئے گئے ہیں اسی طرح قطب لاہور حضرت شاہ ابوالمعالی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت امجد اور مولانا احمد رضا خاں بریلوی علیہم الرحمۃ کے عقیدہ قمریہ کے منظوم تراجم بھی نقل کر دیئے گئے ہیں ۔ ان تراجم کی موجودگی میں بزبان اُردو میں نے ترجمہ غیر ضروری اور خلافِ ادب سمجھ کر نہیں کیا دیگر قصائد کا ترجمہ میں نے اپنی بضاعت و استعداد کے مطابق کیا ہے یہ جسارت صرف بایں خیال کی ہے کہ حضور کا کلام عربی زبان میں ہے جس سے اکثر ابنائے وطن پوری طرح استفادہ نہیں کر سکتے لیکن تحت اللفظ ترجمہ میں نے بجائے اشعار کا سیدھی سادھی زبان میں مفہوم ادا کیا ہے تاکہ بآسانی مطلب سمجھ لیا جائے ۔ بعض خاص مقامات پر جہاں "رہبرِ طریق" اور "خضرِ راہ" کی ضرورت ہوتی ہے مختصر تشریح بھی کی گئی تاکہ ذہن میں انتشاری کیفیت پیدا نہ ہو ۔ اس کے باوجود اگر کوئی مقام سمجھ میں نہ آئے تو یہ سمجھنا چاہیئے کہ اس کا سمجھنا آپ کے علمی استعداد سے باہر ہے ۔ کلام پر زبانِ اعتراض کھولنے کی بجائے اس کو اپنی محدود فہم و دانش پر محمول کرنا زیادہ مناسب ہوگا

بقول حافظ ؎ چو بشنوی سخن اہل دل مگو کہ خطاست
سخن شناس نۂ دلبرا خطا اینجاست

اور اس نصیحت پر عمل کیجئے کہ ؎

اِحفظوا لسانکم وعالجوا قلبکم وخذوا ما تعرفو ودعوا ما تنکروا

بمصداق ؎ واذا لم تر الہلال فسلّم ۔ لاناس رأوہ بالابصار

مع ہذا ؎ اذا اخطأتَ فی لفظی قصورا ۔ وحفظی والبراعۃ والبیان
فلا تعجل الی لومی فروقی ۔ علی مقدار ایقاع الزمان

ابوالفضل سید محمود قادری

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رشحاتِ قدسیہ یعنے قصائدِ غوثیہ

مناجات

۱	شَرَعْتُ بِتَوْحِيْدِ الْاِلٰهِ مُبَسْمِلًا	سَاَخْتِمُ بِالذِّكْرِ الْحَمِيْدِ مُجَمِّلًا
	(اس قصیدہ کی) ابتدا میں نے بسم اللہ پڑھتے ہوئے توحید الٰہی سے کی	(اور اسے) عنقریب عمدگی کے ساتھ ذکر حمید پر ختم کروں گا
۲	وَاَشْهَدُ اَنَّ اللهَ لَا رَبَّ غَيْرُهٗ	تَنَزَّهَ عَنْ حَصْرِ الْعُقُوْلِ تَكَمُّلًا
	اور گواہی دیتا ہوں کہ بجز اللہ کے کوئی پروردگار نہیں	جو کمالاً دائرہ عقل سے ماوراء ہے
۳	وَاَرْسَلَ فِيْنَا اَحْمَدَ الْحَقِّ قَيِّدًا	نَبِيًّا بِهٖ قَامَ الْوُجُوْدُ وَقَدْ خَلَا
	اور جس نے ہم میں احمد مجتبےٰ جیسے ایک سچے نبی کو منتخب کرکے بھیجا	وہ ایسے نبی ہیں جن سے وجود اور ماسوائے وجود کا قیام ہوا
۴	فَعَلَّمَنَا مِنْ كُلِّ خَيْرٍ مُوَيَّدًا	وَاَظْهَرَ فِيْنَا الْعِلْمَ وَالْحِلْمَ وَالْعُلَا
	پس آپ نے ہم کو ہر ظاہر نیکی کی تعلیم دی	اور ہم میں علم اور حلم اور سربلندی کے اوصاف پیدا کئے

فیا طالب عزٍّ و کنزٍ و رفعةٍ	٥	من اللّٰهِ فادعوه باسمائه العلا
پس اے طالب عزت اور اے خواستگار رفعت		اپنی تمام نعمتوں کو خدا سے اسکے اسمائے حسنی کا وسیلہ لیکر طلب کر
فقل بانکسارٍ بعد طهرٍ و قربةٍ	٦	فاسئلك اللّٰهمّ نصرًا معجّلا
طہارت اور خشوع و خضوع کے بعد عاجزی سے کہہ		اے بار الہا میں تجھ سے نصرت عاجلہ کا طالب ہوں
بحقّك یا رحمٰن بالرّحمة التی	٧	احاطت فکن لی یا رحیم مجمّلا
اے رحمٰن و مہربان تیری ذات پاک اور اس رحمت عالم کا واسطہ		جو تمام کائنات پر محیط ہے اے رحیم مجھے نیکو کار بنادے
ویا ملك قدّوس قدّس سریرتی	٨	وسلّم وجودی یا سلام من البلا
اور اے ملک قدوس! میرے دل کو مصفا کردے		اور اے سلام! ہر بلا سے میرے وجود کو (مجھے) محفوظ رکھ
ویا مؤمن هب لی امانًا محقّقا	٩	وسترًا جمیلًا یا مهیمن مسبلا
اور اے مومن! مجھے کامل ایمان عطا کر		اور اے نگہبان راہ میری لغزشوں کی پردہ داری فرما
عزیز ازل عن نفسی الذّلّ واحمنی	١٠	بعزّك یا جبّار من کلّ معضلا
اے عزیز میرے نفس سے ذلت و خواری کو دور کر		اور اے جبروت والے تیری عزت کا واسطہ ہر مشکل میں میری حمایت کر
وضع جملة الاعداء یا متکبّر	١١	یا خالق خذ لی عن الشّرّ معزلا
اور اے متکبر تمام دشمنوں کو پسپا فرما		اور اے خالق مجھے برائی سے دور رکھ

نمبر	مصرعِ اول	مصرعِ ثانی
١٢	وَيَا بَارِئُ النَّعْمَاءِ زِدْ فَيْضَ نِعْمَةٍ	اَفَضْتَ عَلَيْنَا يَا مُصَوِّرُ اَوَّلَا
	اور اے باری تعالیٰ اپنے فیضانِ نعمت میں بیشی فرما	جس کو اے مصور تو نے ابتدا ہی میں ہم پر انڈیل دیا ہے
١٣	رَجَوْتُكَ يَا غَفَّارُ فَاقْبَلْ لِتَوْبَتِي	بِقَهْرِكَ يَا قَهَّارُ شَيْطَانِي اَخْذِلَا
	اے غفار میں نے تجھ سے امیدِ مغفرت رکھی ہے پس میری توبہ قبول فرما	(اور) اے قہار اپنے قہر سے میرے شیطان کو ذلیل و خوار کر دے
١٤	بِحَقِّكَ يَا وَهَّابُ عِلْمًا وَحِكْمَةً	وَالرِّزْقِ يَا رَزَّاقُ كُنْ لِي مُسَهِّلَا
	اے داتا تیرا صدقہ مجھے علم و حکمت عطا فرما	اور اے رزاق میرے وسائلِ رزق کو آسان فرما دے
١٥	وَبِالْفَتْحِ يَا فَتَّاحُ نَوِّرْ بَصِيرَتِي	وَبِالْعِلْمِ نَلْنِي يَا عَلِيمُ تَفَضُّلَا
	اور اے فتاح اپنی صفتِ فتح سے میری نظر روشن کر دے	اور اے علیم تیری صفتِ علم کا واسطہ مجھے فضیلت عطا فرما
١٦	وَيَا قَابِضُ اقْبِضْ قَلْبَ كُلِّ مُعَانِدٍ	وَيَا بَاسِطُ ابْسُطْنِي بِاَسْرَارِكَ الْعُلَا
	اور اے قابض (بند کرنے والے) ہر مخالف کے اعدا کے دل کو بند کر دے	اور اے باسط (کھولنے والے) اپنے اسرارِ عالیہ مجھ پر منکشف کر دے
١٧	وَيَا خَافِضُ اخْفِضْ قَدْرَ كُلِّ مُنَافِقٍ	وَيَا رَافِعُ ارْفَعْنِي بِرَوْحِكَ ثِقَلَا
	اور اے پست کرنے والے ہر منافق کی شان و شوکت کو پست کر دے	اور اے بلند کرنے والے اپنی مہربانی سے میری کثافت دور کر دے
١٨	سَاَلْتُكَ عِزًّا يَا مُعِزُّ لِاَهْلِهِ	مُذِلُّ فَذِلَّ الظَّالِمِينَ مُنَكَّلَا
	اور عزت دینے والے میں تجھ سے عزت کا اس کے اہل کیلئے طالب ہوں	اور اے ذلت دینے والے ظالموں کو ذلت کا عذاب دے

فعلمك كافٍ يا سميع فلن اذا	١٩	بصير اجالى مصلحا متقبلا
اے سننے والے خبیر تیرا علم کافی ہے جبکہ		تو میرے حال کو دیکھنے والا اور اصلاح کرنے اور قبول کرنیوالا ہے
فيا حكم عدل لطيف بخلقه	٢٠	خبير بما يخفى وما هو مجتلا
اور اے فیصلہ کرنیوالے انصاف کرنیوالے اور اپنی مخلوق پر لطف و عنایت کرنیوالے		تو خبیر ہے تجھے ہر ظاہر و باطن کی خبر ہے
فعلمك قصدى يا حليم وعمدتى	٢١	وانت عظيم عظم جودك قد علا
اے بردبار، حلیم تیرا علم ہی میرا مقصود و مدعا ہے		اور تو سب سے بڑا ہے تیرا جود و سخا سب سے بڑھکر ہے
غفور وستار على كل مذنب	٢٢	شكور على احبابه وموصلا
ہر خطاکار کے حق میں تو غفور (نہایت بخشنے والا) اور ستار (پردہ پوشی کرنیوالا) ہے		اور اپنے چاہنے والوں کے حق میں تو شکور (قدر دان) اور اپنے قریب کرنیوالا ہے
علی وقد اعلى مقام حبيبه	٢٣	كبير كثير الخلق والجود مجزلا
تو بلند ہے اور تو نے اپنے حبیب کا مقام بھی بلند کیا ہے		تو نہایت بڑا ہے تیری ذات نہایت فیض رساں اور سخاوت والی ہے
حفيظ فلا شيء يفوت لعلمه	٢٤	مقيت نقيب الخلق اعلى واسفلا
تو نہایت حفاظت کرنیوالا ہے اسلئے کوئی چیز تیرے علم سے خارج نہیں		تو جلال اور طاقت والا ہے تمام اعلی و ادنی مخلوق کا نقیب (نگہبان) ہے
فعلمك حسبى يا حسيب تولنى	٢٥	وانت جليل كن لنفسى منكلا
اے حسیب (حساب لینے والے) تیرا علم میرے لئے بس ہے		تو ہی میرا والی بن جا اور تو جلیل القدر ہے بس تو ہی میرا غمگسار ہے

توبہ قبول کیجاتی ہے بلکہ گناہوں کو بھی معاف کر دیا جاتا ہے۔ یقبل التوبة عن عبادہ و یعفو عن السیئات۔

حل لغات۔ وہاب۔ نہایت بخشش۔ مسہل۔ سہل سے مشتق ہے۔

حل لغات۔ فتح۔ کھولنا۔ فتاح۔ کھولنے والا۔ بصارت۔ بینائی۔

حل لغات۔ رجاء۔ امید۔ آرزو۔ غفور۔ بخشنے والا۔ توبہ۔ الندامة عن المعصیة۔ مقبول۔

إلٰهي كريمٌ أنت فاكرم مواهبي	٢٦	وكن لعدوّي يا رقيب مجدّلا
میرے خدا! تو کریم ہے اپنے عطایائے کرم سے مجھے نواز		اور اے رقیب (نگہبان) میرے دشمن کو مغلوب کر
دعوتُك يا مولى مجيبًا لمن دعى	٢٧	قديمُ العطايا واسع الجود في الملا
آقا! میں نے تجھے پکارا ہے (اور) تو ہر پکارنے والے کا جواب دیتا ہے		تو ازل کا داتا ہے تو کونین میں نہایت سخی ہے
إلٰهي حكيمٌ أنت فاحكم مشاهدي	٢٨	فودُّك عندي يا ودود تنزّلا
میرے خدا تو حکمت والا ہے میرے مشاہدہ کو محکم بنا		کہ اے ودود (محبت والے) تیری محبت میرے دل میں اتر چکی ہے
مجيدٌ فهب لي المجد والسعد والولا	٢٩	ويا باعثُ ابعث نصر جيشي مهرولا
تو مجید (بزرگ) ہے (لہذا) مجھے بزرگی اور سعادت اور محبت سے سرفراز فرما		اور اے باعث! میرے لشکر کے آگے فتح و نصرت بھیج دے
شهيدٌ على الأشياء طيّب مشاهدي	٣٠	وحقّق لي حقّ الموارد منهلا
تو تمام کائنات کا دانا بینا ہے میرا بھی مشاہدہ کچھ پاک صاف کر دے		اور حقیقت کے چشمے کے کنارے لگا دے
إلٰهي وكيلٌ أنت فاقض حوائجي	٣١	ويكفي إذا كان القويُّ موكّلا
الٰہی تو کارساز ہے تو ہی میری حاجتوں کو پورا کر		اور جب کوئی غالب آور ہو تو تو ہی میرے لئے کافی ہے
متينٌ فمتّن ضعف حولي وقوّتي	٣٢	أغث يا وليُّ عبدًا دعاك تبتّلا
تو متین (طاقتور) ہے میرے حول اور قوت کی کمزوری کو قوی بنا دے		اور اے ولی میری خبر لے کیونکہ میں نے سب سے مایوس و منقطع ہو کر تجھے پکارا ہے

حمدتك يا مولا حميدا موحدا	٣٣	ومحصي زلات الورى ومعدلا
میں اے مولا تیری حمد و ثنا کی تجھے حمید و موحد قابل تعریف دیکھا		خلق کی لغزشوں کو شمار کرنیوالا اور عدل کرنیوالا
الهي فمبدي الفتح لي انت الهدى	٣٤	معيد لما في الكون ان باد او خلا
الٰہی تو ہی میری نصرت و ہدایت کا ظاہر کرنیوالا ہے		تو ہی کائنات کی تمام موجودات کو خواہ ظاہر ہو یا باطن انہیں لوٹانے والا ہے
سئلتك يا محي حيوة هنيئة	٣٥	امت يا مميت اعداء ديني معجلا
اے جلانے والے! میں تجھ سے خوشگوار زندگی کا طالب ہوں		اے مارنے والے میرے اعدائے دین کو جلد فنا کر دے
ويا حي احي ميت قلبي بذكرك	٣٦	القديم فلن قيوم سوى موصلا
اور اے حی (زندہ) اپنے ذکر قدیم سے میرے دل کو زندہ کر دے		اور میری قلبی حالت کو قوی بنا دے اور قرب عطا کر
ويا واجد الانوار اجد مسرتي	٣٧	ويا ماجد الانوار كن لي معولا
اور اے حامل انوار میری مسرتوں کو تازہ کر دے		اور اے معظم انوار تو میرا سہارا اپنا جا
ويا واحد ما ثم الا وجوده	٣٨	ويا صمد قام الوجود به علا
اور اے واحد یکتا، تیرے ماسوا کسی کا وجود نہیں		اور اے بے نیاز تجھی سے وجود کا قیام اور اسکی سربلندی ہے
ويا قادر ذا البطش اهلك عدونا	٣٩	ومقتدر قدر لحسادنا البلا
اور اے قدرت و گرفت والے ہمارے دشمنوں کو ہلاک کر		اور اے مقتدر حاسدوں کیلئے بلا کو مقدر کر دے

وَقَدِّلِسِّرِّ یَا مُقَدِّمُ عَافِنِی	۴۰	مِنَ الضُّرِّ فَضْلًا یَا مُؤَخِّرُ الْعُلَا
اور اے مقدم میرے باطن کو سب سے آگے کر دے		اور اے موخر بلند مرتبت والے اپنے فضل سے مجھے تکلیف سے نجات دے
وَیَا سَابِقَ الْخَیْرَاتِ اَوَّلَ اَوَّلًا	۴۱	وَیَا اٰخِرُ اخْتِمْ لِی اَمُوْتُ مُهَلِّلًا
اور نیکیوں کے سبقت کرنے والے مجھے سب سے پیش پیش کر دے		اور اے آخر ایسا خاتمہ اسطرح کر کہ میں تیری تسبیح تہلیل کرتے ہوئے مروں
وَیَا ظَاهِرُ اَظْهِرْ لِی مَعَارِفَكَ الَّتِیْ	۴۲	بِبَاطِنِ غَیْبِ الْغَیْبِ یَا بَاطِنًا وَّلَا
اور اے ظاہر مجھ پر اپنے اسرار و معارف کھول دے		جو آپ باطن ا پردہ غیب اور انتہائی بطون میں پوشیدہ ہیں
وَیَا وَالِیْ اَوِّلْ اَمْرَنَا کُلَّ نَاصِحٍ	۴۳	وَیَا مُتَعَالِ اَرْشِدْ وَاَصْلِحْ لَهُ الْوِلَا
اور اے والی ہمارا اعمال ہر ناصح کیلئے قابل قبول بنا دے		اور اے متعال (بلند مرتبہ والے) اسکو نیکو کار کر دے اور اسکی محبت استوار فرما
وَیَا بَرُّ یَا رَبَّ الْبَرَایَا وَالْعَطَا	۴۴	وَیَا تَوَّابُ تُبْ وَتَقَبَّلَا
اور اے بر (نیک) اے رب کائنات اور اے داتا		اور اے توبہ کو قبول کرنے والے ہماری توبہ قبول فرما
وَیَا مُنْتَقِمُ مِنْ ظَالِمِیْ نُفُوْسِهِمْ	۴۵	کَذَالِكَ عَفُوٌّ اَنْتَ فَاعْفُ تَفَضُّلَا
جو اپنے نفوس پر ظلم کرتے ہیں ان سے بدلہ لینے والا ہے		اس طرح تو سراپا عفو ہے پس ہم پر فضل و احسان فرما
عَطُوْفٌ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ وَمُسْعِفٌ	۴۶	لِمَنْ قَدْ دَعَا یَا مَالِكَ الْمُلْكِ مُعْقِلَا
بندوں کے حق میں تو مہربان اور رحم دل ہے		اور تجھے مجھ کر مالک الملک پکار کر اسکی فریاد کو بھی سننے والا ہے

فالبس لنا یا ذا الجلال جلالة	۴۷	فجودك والاكرام ما زال مهطلا
اے ذوالجلال ہمیں خلعت عظمت پہنا		کہ تیرا (ابر) کرم لگاتار برسنے والا ہے
ویا مسقط ثبت علی الحق مهجتی	۴۸	ویا جامع اجمع لی الکمالات فی الملا
اور مقسط (عدل کرنیوالے) میرے دل کو حق وصداقت پر ثابت قدم رکھ		اور اے جامع مجید مجھ میں ساری دنیا کے کمالات جمع فرمادے
الٰهی غنی انت فاذهب لفاقتی	۴۹	ومغن فاغن فقر نفسی لمخلا
الٰہی تو غنی ہے پس میری گرسنگی اور فاقہ کو دور کر		اور تو مغنی کرنیوالا میرے نفس کے افلاس کو غنا سے بدل دے
ویا مانع منعنی من الذنب واشفنی	۵۰	من السوء مما قد جنیت تعملا
اور اے روکنے والے مجھے گناہ سے باز رکھ		اور پاک کر مجھے برائی سے جس کا میں نے ارتکاب کیا ہے
ویا ضار کن للحاسدین مونجا	۵۱	ویا نافع انفعنی بروح محصلا
اور اے ضرر پہنچانے والے حاسدوں کیلئے ضار بن جا		اور اے نفع دینے والے مجھے اپنی مہربانی سے نفع حاصل کرنیوالا بنا
ویا نور انت النور فی کل ما بدا	۵۲	فیا هاد کن للنور فی القلب مشعلا
اور اے نور تمام موجودات میں تیرے ہی نور کا ظہور ہے		اے ہدایت دینے والے اپنے مشعل نور سے میرے دل کو منور کر دے
بدیع البرایا ارجوا من فیض لطفه	۵۳	ولم یبق الا انت باق له الولا
اے مخلوق کے پیدا کرنیوالے تیرے الطاف وکرم کا امیدوار ہوں		تیرے سوا کوئی باقی رہنے والا نہ رہیگا پس تو ہی صاحب اختیار ہے

وَيَا وَارِثُ اجْعَلْنِي لِعِلْمِكَ وَارِثًا	٥٤	وَرُشْدًا أَنِلْنِي يَا رَشِيدُ تَحَمُّلًا
اور اے وارث مجھے تیرے علم کا ورثہ عطا کر		اور اے رشید مجھے رشد وہدایت سرفراز فرما
صَبُورٌ وَسَتَّارٌ فَوَفِّقْ عَزِيمَتِي	٥٥	عَلَى الصَّبْرِ وَاجْعَلْ لِي اخْتِيَارَ مُزَمَّلًا
تو نہایت صبر وتحمل والا عیبوں کو ڈھانکنے والا ہے		پس میرا ارادوں کو توفیق صبر دے اور مجھے پورا صاحب اختیار کر دے
بِأَسْمَائِكَ الْحُسْنَى دَعَوْتُكَ سَيِّدِي	٥٦	وَآيَاتِكَ الْعُظْمَى ابْتَهَلْتُ تَوَسُّلًا
میرے آقا تیرے اسماء حسنی کا وسیلہ لیکر میں نے تجھے پکارا ہے		اور تیرے آیات عظمی کا وسیلہ لے کر میں نے تجھ سے مناجات کی ہے
فَأَسْأَلُكَ اللَّهُمَّ رَبِّي بِفَضْلِهَا	٥٧	فَهَيِّئْ لَنَا مِنْكَ الْكَمَالَ مُكَمَّلًا
بس اے بار الہا ان کے برکات سے		پورے پورے کمالات میرے لئے مہیا کر دے
وَقَابِلْ رَجَائِي بِالرِّضَا عَنْكَ وَاكْفِنِي	٥٨	صُرُوفَ زَمَانٍ صِرْتُ فِيهِ مُحَوَّلًا
اور میری تمناؤں کو اپنی رضا سے پورا اور میرا سہارا بن جا		کہ میں گردش زمانہ سے سرگرداں ہیں
أَغِثْ وَاشْفِنِي مِنْ دَاءِ نَفْسِي وَاهْدِنِي	٥٩	إِلَى الْخَيْرِ وَأَصْلِحْ مَا بِعَقْلِي تَخَلَّلَا
میری فریاد کو پہنچ مجھے اپنے نفس کی بیماری سے شفا دے اور مجھے ہدایت		نیکی کی اور میری عقل میں جو فتور پیدا ہو چلا ہے اسکی اصلاح فرما
إِلَهِي فَارْحَمْ وَالِدَيَّ وَإِخْوَتِي	٦٠	وَمَنْ هَذِهِ الْأَسْمَاءَ يَدْعُو مُرَتِّلَا
الٰہی میرے والدین اور برادری پر رحم فرما		اور اس پر بھی اپنا فضل کر جو ان اسماء کیساتھ رہ کر تجھے پکارے

حل لغات۔ ضرر۔ نقصان۔ ضار۔ اسم فاعل۔ نقصان پہنچانے والا۔ ضار۔ نافع

جنایۃ۔ گناہ کا مرتکب ہونا

سوء۔ برائی

باحلیٰ سلامٍ فی الوجود واکملا	۶۱	وصلّی علیٰ جدّی الحبیب محمّدٍ
ایسے سلام کے ساتھ جو تمام کائنات کے سلاموں سے شیریں اکمل ہو		اور درود بھیج میرے دادا محمد مصطفےٰ پر جو تیرے حبیب ہیں
وبعدُ فحمدُ اللہ ختماً واوّلا	۶۲	مع الآل والاصحاب جمعاً مؤبّدا
زاں بعد اول و آخر تیری ہی تعریف ہے		تمام آل اور اصحاب کے ساتھ ہمیشہ

(الفتوحات ربانیہ)

۵۹

حل لغات۔ اغث۔ فریاد کو پہنچ۔ استغاثہ فریاد کرنا۔ غوث۔ غیاث۔ فریاد رس

داء۔ بیماری۔ دواء۔ درمان دارو علاج

اختلال۔ دماغ میں فتور پیدا ہونا۔

۶۰

حل لغات۔ ترتیل۔ ٹھیر ٹھیر کر پڑھنا۔ ورتل القرآن ترتیلا۔ حکم رب ہے طوطا مینا کی طرح پڑھنا بھی کوئی پڑھنا ہے۔ ٹھیر ٹھیر کر پڑھو مطلب ومعنیٰ کا خیال بھی کرتے جاؤ۔ مخارج کو پوری طرح ادا کرو۔ دعا میں بھی سکون سے کام لو۔

۶۱

حل لغات۔ حلو۔ شیریں۔ احلی۔ زیادہ شیریں

المومن حلو یحب الحلوی۔

حمد۔ تعریف۔ محمد ومحمود سراپا ہوا۔ وفی العرش

محمود وھذا محمّدٌ۔

حل لغات ۵۵

صبر۔ تحمل۔ صبور۔ نہایت صبر کرنے والا

ستار۔ نہایت ڈھانکنے والا۔ عزیمت ارادہ۔ مزمل۔ چادر اوڑھنے والا

قصیدہ ثانی

یہ قصیدہ دعائیہ ہے اور بہجۃ الاسرار سے منقول ہے نصرت علی الاعداء کیلئے اسکا ورد مفید ہوگا۔

سَأَلْتُكَ یَا جَبَّارُ یَا سَامِعَ النِّدَآءِ	١	وَیَا حَاكِمُ احْكُمْ فِی الَّذِی قَدْ تَجَبَّرَا
اے جبر توڑنے والے اور فریاد کو سننے والے میں نے تجھ سے استدعا اور خواست		کی ہے اے احکم الحاکمین اسکے حق میں حکم فرما جو مجھ پر رعونت سے پیش ہو چکا ہے
فَأَنْتَ الَّذِی تُرْجَی لِدَفْعِ مَضَرَّتِی	٢	وَأَنْتَ مُغِیثُ دُعَاكَ مِنَ الْوَرَی
تجھ ہی سے میرے رفع نقصان کی امید ہے		اور تو ہی ہر داد خواہ کا فریادرس ہے
سَأَلْتُكَ بِالْاِسْمِ الْعَظِیْمِ فَمَنْ بَغَی	٣	عَلَیَّ امْتَحِنْهُ بِالْعَمَاءِ فَلَا یَرَی
میں نے تیرے اسم اعظم کا وسیلہ لیکر درخواست کی ہے		پس جو میرے خلاف سرکشی کرے اسکو نابینائی کیساتھ آزما کہ وہ نہ دیکھے
أَجِبْ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ یَشْكُوْ مُصِیْبَتَهٗ	٤	كَسِیْرُ الْجَنَاحِ لَا نَصِیْرَ لَهٗ یُرَی
مظلوم کی دعا قبول فرما کہ وہ مصیبت کا شکوہ کر رہا ہے		کہ بازو شکستہ ہو چکے ہیں اور اسکا کوئی عمدہ معاون نظر نہیں آتا
فَإِنْ لَمْ یَقَعْ غَیْثٌ فَمَا وَجْهُ حِیْلَتِی	٥	وَأَیْنَ الْفِرَارُ مِنْ عَدُوٍّ تَجَوَّرَا
تو فریادرس نہ ہو تو پھر بچاؤ کی کوئی صورت نہیں		میرے لئے پھر کوئی تدبیر نہیں اور نہ ہی ظالم دشمن سے مفر کی کوئی صورت ہو سکتی ہے
فَیَا عَالِمَ النَّجْوَی وَیَا سَامِعَ النِّدَاءِ		وَیَا مُسْتَغَاثُ أَهْلِكَنْ مَنْ تَجَبَّرَا
اے سرگوشیوں کے جاننے والے میری چیخ و پکار کے سننے والے		اور اے فریادرس ظالم کو ہلاک کر دے

فكل مصاب يستغاث بمثله	٧	واني لم اشك لغيرك ما جرى
ہر مصیبت کا مارا اپنے ہی جیسے سے فریاد کرتا ہے		اور میں اپنی آپ بیتی کا تیرے سوا کسی سے شکوہ نہیں کرتا
فكيف نخيب من بقلبه قد دعا	٨	وامرك في القرآن يتلى على الورى
جس نے اپنے صمیم قلب سے دعا کی بھلا کہیں وہ نامراد ہوتا ہے		اور پھر جبکہ تیرا ارشاد قرآن میں پڑھا جاتا ہے
فانت المغيث والنصير على العدى	٩	وقولك حق لا خلال ولا امترا
تو ہی فریاد رس اور دشمن پر فتح دینے والا ہے		تیرا ارشاد درست ہے اسمیں کوئی شک ہے نہ شبہ
بطه مع الفرقان والبقر قبلها	١٠	وسبح مع الانفال مع سورة البرا
بواسطہ سورہ طٰہٰ و فرقان و بقر جو اسکے پہلے ہے		اور بوسیلہ سبح اسم و سورہ انفال ساتھ سورہ برات کے
وليسين مع حم كل مع النساء	١١	وبالانبياء المرسلين ومن قرا
اور بواسطہ سورہ یٰسین بہ ہمراہ حٰم و سورہ نساء		اور بوسیلہ جمیع انبیاء و رسل اور بواسطہ ہر قاری قرآن کے

از بہجۃ الاسرار صفحہ ۲۲۰

حل لغات

مصاب۔ مصیبت زدہ۔ یستغاث۔ فریاد کرے۔

تشریح:

میں کسی اور سے کیوں شکوہ پیدا کروں [illegible] یاد کروں

حل لغات

نخیب۔ خاسر ہونا۔ نامراد ہونا۔ [illegible]

تشریح

قرآن مجید میں ارشاد ہوتا ہے۔ امن یجیب المضطر اذا دعاہ ویکشف السوء [illegible]

دعا وہی قبول ہوتی ہے جو صمیم قلب سے خشوع و خضوع کیساتھ کی جائے [illegible]

حل لغات ٩

عدو۔ دشمن۔ جمع اعداء۔ حق۔ سچ۔ لاخلال ولا امترا۔ شک و شبہ

قصیدہ ثالث

یہ بھی دعائیہ قصیدہ ہے نیل مطالب کیلئے اس کا ورد انشاء اللہ تیر بہدف ثابت ہوگا
اس کا فارسی ترجمہ حضرت جامی علیہ الرحمہ نے فرمایا ہے اسلئے میں نے اردو ترجمہ غیر ضروری تصور کر کے فارسی
ترجمہ کی نقل پر اکتفا کیا اور سچ پوچھیے تو اس سے بہتر ترجمہ بھی ناممکن تھا۔

يَا رَبِّ اَظْفِرْنِيْ بِنَيْلِ مَطَالِبِيْ	۱	مِنْ فَيْضِ جُوْدِكَ اَرْحَمَ الرُّحَمَاءِ
خداوندا ظفر دہ از عنایت ۔ باحصال مطالب من ز رحمت		ز فیض بخشش انعام و احسان ۔ بدی خود ارحم الرحما سبحان
وَاَظْهِرْنِيْ جُوْدَ الْوُجُوْدِ مُسَلِّطًا	۲	عِلْمًا وَحِكَمًا مِّنْ عَظِيْمِ عَطَاءٍ
بکن ظاہر ز بخشش ہا و اکرام ۔ تو بخشی دہ وجودم از انعام		مسلط کن من از علم و حکمت ۔ عظیم است ایں عنایت بار رحمت
وَاَلْبِسْنِيْ لُبْسَ الْكَمَالِ تَقَدُّمًا	۳	مِنْ سِرِّكَ الْمَخْزُوْنِ يَا مَوْلَائِيْ
لباس از کمال اتم بپوشاں ۔ باوصاف تقدس پاک یا کاں		ز سر مخزن اسرار حقیقت ۔ تو اے مولائے یا خلاق قدرت
وَاكْشِفْنِيْ اَنْوَارَ الْحَقَائِقِ جُمْلَةً	۴	اَكْوَانِ حَتّٰى لَا اَرٰى بِغِطَائِيْ
کشا بر من با نوار حقائق ۔ تمامی راز اسرار و دقائق		تما جملہ حقیقت ہائے اکواں ۔ نہ بینم تا حجاب خود بہ امکاں
وَاكْحُلْ بِاِثْمِدِ لِلشُّهُوْدِ بَصِيْرَتِيْ	۵	فَجَمَالُ وَجْهِكَ مُنْيَتِيْ وَمُنَائِيْ
کحلات شہود اے رب عزت ۔ بکن روشن مرا چشم بصیرت		جمال روئے خوبت آرزویم ۔ کمال از آرزو و جستجویم

حل لغات
اظفر - فتح - اظفر - فتح و نصرت عطا فرما
نیل - نیل - حاصل کرنا - جود -
نال - بخشش
عطا -

حل لغات
البس - جامہ - البس - پہنا ... امر کا صیغہ
لباس - ... پوشیدہ ...
مخزون - ...

حل لغات
اکشف - کھولنا - اکشف - کھول دے
اکوان - ...
غطاء - پردہ - حجاب

حل لغات
اکحل - اثمد - سرمہ
مناء - آرزو

حل لغات

حل لغات

حل لغات

وَاشْخَصِنِی أَنْوَارَ الْعُلُومِ أَدْرِیْ بِهَا	٦	مَرْقُومَةَ الْأَشْیَاءِ فِی أَنَاءِ
زانوار علوم کن معین بہ کہ تا بینم از احوال روشن		تمامی نیکرم مرقوم و مقسوم بہ زاشیاء جملہ ایں در آں معلوم
یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ أَحْیِ مُهْجَتِی	۷	مِنْ نُوْرِ ذَاتِكَ یَاسَمِیْعَ دُعَائِی
بکن اے حی قیوم از عنایت بہ دلم از زندہ از فیض کرامت		بہ نور پاک ذات از قرب قربت تو ئی شنوا دعایم واز رحمت
یَاذَالْجَلَالِ وَذَالْجَمَالِ وَذَالْعُلٰی	۸	یَاکَامِلَ أَوْصَافِ وَالْأَسْمَآءِ
کریا ذوالعلا و ذوالجلال بہ قدیر و کارساز ذوالجمال		واے کامل باوصاف کمالات بہ واے اکمل ہر اسمائے حسنات
صَلِّ عَلَی الْمُخْتَارِ خَیْرِ عِبَادِكَ	۹	اَلْمَبْعُوْثِ بِالْفُرْقَانِ فِی الدُّنْیَا
درود و رحمت حق بادبیارہ بہ آں خیر البریہ شاہ مختار		کہ او مبعوث با قرآن و فرقان بہ کریم و شافع و خیر البریات

ولہ

یہ قصیدہ بھی قلم مُدالہٖ امر سے ماخوذ ہے اس قصیدہ میں حضور نے اپنی جلالت شان کا اظہار بامتثال امر الٰہی " وَ اَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ " فرمایا ہے۔

طرز کلام شاید ہی عالم کیف و سرور میں یہ اشعار زبان فیض ترجمان سے نکلے ہیں اسلئے پڑھ ھنے والے پر بھی بیخودی اور کیف و سرور کا عالم طاری ہوجاتا ہے سہ ساقی ترا مستی سے کیا حال ہوا ہوگا بہ جب تو نے یہ مئے لیکر شیشے میں بھری ہوگی۔

رُفِعَتْ عَلٰی أَعْلَی الْوَرٰی أَعْلَامُنَا	۱	لَمَّا بَلَغْنَا فِی الْغَرَامِ مَرَامَنَا
ہمارے پرچم کائنات کی انتہائی بلندی پر اونچے گئے		جب راہ محبت میں ہم نے اپنی منزل مقصود پائی

تشریح:

نَحْنُ الْمُلُوْکُ عَلٰی سَلَاطِیْنِ الْمَلَا	۲	وَالْکَائِنَاتُ وَمَنْ بِھَا خُدَّامُنَا
ہم روئے زمین کے بادشاہوں کے بادشاہ ہیں		اور کائنات جو کچھ اس میں ہے وہ سب ہمارے خادمین ہیں
فَبِذُلِّنَا لِلْحُبِّ نِلْنَا عِزَّۃً	۳	وَعَلَی الرُّؤُسِ نُقِّلَتْ اَقْدَامُنَا
ہم نے رسوائے عشق ہوکر عزت حاصل کی		اور ہمارے قدم سب کے سروں پر ہو گئے
فَجَمَالُنَا مَلَأَ الْوُجُوْدَ وَحَالُنَا	۴	لَا یُسْتَطَاقُ وَلَا یُفَلُّ حُسَامُنَا
ہمارا حسن کل موجودات پر چھا گیا اور ہمارا حال ایسا ہے کہ		جسکی کوئی تاب نہیں لاسکتا اور نہ ہماری تلوار کبھی کند ہوئی
ضُرِبَتْ طُبُوْلُ الْعِزِّ فِیْ سَاحَاتِنَا	۵	وَعَلَی السَّمَاءِ شَرَفًا بَدَتْ خِیَامُنَا
عزت کے ڈھول ہمارے صحن میں بجے		اور آسمان شرف پر ہمارے ہی خیمے تانے گئے
وَلِاَجْلِنَا وُجِدَ الزَّمَانُ وَکَوْنُہٗ	۶	وَالدَّھْرُ عَبْدٌ وَالزَّمَانُ غُلَامُنَا
زمانہ ہم سے ہے قیام زمانہ ہم سے ہے		زمانہ ہمارا بندہ ہے اور زمانہ ہمارا غلام ہے
اِنَّا وَاِنْ اٰخِرَ الزَّمَانِ فَاِنَّنَا	۷	فُقْنَا الَّذِیْنَ فَقَدْ مَوَاقِدُ امُنَا
گویا باعتبار زمانہ ہم سب سے آخر ہیں		مگر ان سب سے سابق وفائق ہیں جو ہم سے پہلے گذرے
فَبِقُرْبِنَا مِنْ قَابَ قَوْسَیْنِ لَقَدْ	۸	رُشِقَتْ قُلُوْبُ الْمُنْکِرِیْنَ سِھَامُنَا
قاب قوسین سے تقرب کے باعث		ہمارے حاسدوں کے دل چھلنی ہو گئے

وَلَنَا الوَلَايَةُ مِنْ اَلَسْتُ بِرَبِّكُم	٩	وَ اَمَامُنَا المَهْدِىُّ فَهُوَ خِتَامُنَا
الست بربکم سے ہماری ولایت کی ابتدا ہوتی ہے		اور ہمارے امام مہدی ہیں اور وہی ہمارے خاتم ہیں
ثُمَّ الصَّلَاةُ عَلَى النَّبِىِّ مُحَمَّدٍ	١٠	وَالآلِ وَالاَصْحَابِ ثُمَّ صِحَابِنَا
پھر درود ہو رسول اکرم محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر		اور آپکی آل اور آپکے اصحاب پر اور پھر ہمارے اصحاب پر

وَلَهُ ۵

يَا دَارَ اَسْمَاءَ بَانَتْ عَنْكَ اَسْمَاءُ	١	وَ اَصْبَحَتْ بَعْدَ ذَالِكَ الاُنْسِ قَفْرَاءُ
اے اسماء کے قیام گاہ! اسماء تجھ سے جدا ہو گئی		اور تیری قیامگاہ اس پرمسرت اجتماع کے بعد ویران اور چٹیل میدان بن گئی
بَانَتْ فَلَا البَانُ مَهْزُوزٌ شَمَائِلُهُ	٢	كَلَّا وَلَا الرَّوْضَةُ الغَنَّاءُ غَنَّاءُ
اسماء جدا ہو گئی جسکے بعد سرو شمشاد کی حرکت میں بھی ...		بلکہ سرے سے وہ سرسبز و شاداب باغ ہی نہیں رہا

وَلَهُ ٦

اِذَا كَانَ مِنَّا سَيِّدٌ فِى عَشِيرَةٍ		عَلَاهَا وَاِنْ ضَاقَ الخِنَاقُ حَمَاهَا
ہمارا سردار کسی قبیلہ یا کنبہ میں ہو تو		اس قبیلہ اور کنبہ پر غالب رہیگا اگر کوئی مصیبت تنگ حال کرے تو اسکی حمایت کریگا

وَمَا اخْتَبَرَتْ اِلَّا وَاَصْبَحَ شَيْخُهَا	٢	وَمَا افْتَخَرَتْ اِلَّا وَكَانَ فَتَاهَا
اور وہ قبیلہ آزمائش میں پورا اتریگا جبکہ ساتھ اسکا قائد ہوگا		اور یہ بھی آیۂ صد افتخار ہوگا جبکہ اس میں یہ جوانمرد موجود ہو
وَمَا ضَرَبَتْ بِالْاَبْرَقَيْنِ خِيَامُنَا	٣	فَاَصْبَحَ مَاوَى الطَّالِبِيْنَ سِوَاهَا
کوہ ابرقان مقام کا نام ، میں ہمارے خیمے جب تک نصب ہیں گے		تمام رہ نورد و طالبانِ حق اسی طرف کا قصد کریں گے

(قلائد الجواہر)

وَلَهُ

كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً	١	كِفَاكَ فَهَا كَمِيْنَ كَافٍ مِنْ كَلِكَا
بس است پروردگار تو بسیار کفایت کنندہ از روئے حادثہ		کہ پوشیدہ است مانند کمین است کہ باشد از صیاد
تَكَرَّرُ اَكَرَّ الْكَرِّ فِيْ كَبَدٍ	٢	تَحْكِيْ مُشَلْشَلَةً كَلَّتْ لَكَ اَلْكَلِكَا
می پیچد بہ پیچیدنی مانند پیچیدنی ریسمان در جگر		برمی کشد کار و تیز را مانند تیرے کہ از قضا تیر می زند
كَفَاكَ مَا بِيْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهُ		يَا كَوْكَبًا كَانَ تَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكَا
بس است تر آنچہ نزد من بس است مہترا از دارند نا قعہ جگر		اے ستارہ دل من کہ ہستی در مشابہت با ستارہ آسمان در روشنی

(فیوضات ربانیہ)

ولــه

۱	وَمُذْ عَنْكَ غِبْنَا ذٰلِكَ الْعَامَ اَنَّنَا	وَرَدْنَا عَلٰی بَحْرٍ وَّسَاحِلُهٗ مَغْنٰی
	اور تجھ سے جدا ہو کر ہم اس سال	ایک سمندر کے کنارے پہنچے جسکا ساحل ہماری قیامگاہ ہے
۲	وَشَمْسٌ عَلَی الْمَغْنٰی مَطَالِعُ نُوْرِهَا	مَغَارِبُهَا فِيْنَا وَمَطْلِعُهَا مِنَّا
	اور ایک سورج اس ساحلی منزل پر ضیا پاشی کر رہا ہے	اس آفتاب کا طلوع اور غروب ہمارے ہی علاقہ میں ہوتا ہے
۳	وَمَسَّتْ يَدَانَا جَوْهَرًا مِّنْهُ كُبَّتَتْ	لِطَائِفُهَا حَتّٰی صَفَتْ فَتَجَوْهَرْنَا
	اور اس دریا سے ہمارے ہاتھ ایک موتی لگا	سورج کی شعاعیں ترکیب پاکر اس چکدار موتی کی شکل میں ظاہر ہوئیں
۴	وَمَا الْبَحْرُ وَالْمَغْنٰی وَمَا الشَّمْسُ قُلْ لَنَا	وَمَا جَوْهَرُ الْبَحْرِ الَّذِیْ عَبَرْنَا
	بتاؤ یہ کونسا دریا ہے اور کونسا ساحلی مقام ہے اور کونسا آفتاب	اور اس دریا کا جس سے ہم پار اترے کونسا جوہر ہے
۵	فَقُلْ بِلِسَانِ الْغَيْبِ لَا بِاِشَارَةٍ	اَقَمْنَا بِهٖ اَوْ غِبْنَا عَنْهُ اَمْ اَدْلَجْنَا
	اشارہ سے کام نہ چلے گا لسان غیب سے کہو	کہ وہ کونسا دریا تھا جہاں ہم ٹھیرے جہاں سے رات میں نکل کر نظر غائب ہوگئے
۶	فَلَمَّا اَقَمْنَا مَالَ رَبْعُ قُلُوْبِنَا	جَدِيْرًا عَلٰی مَرِّ الزَّمَانِ وَقَدْ شَبَّنَا
	جب ہم وہاں ٹھیرے تو ہمارے دلوں کو سرسبزی و شادابی	مناسب رفتار زمانہ ہوئی اور ہم نے خوب عیش کیا

وَاِنْ تَحِسَّنْ اِذْ لَاجِنَا فَمَا لِرَكَابِنَا	۷	يَفِيقُ بِنَا وَسْعَاوَعَنْهُ فَمَاضِقْنَا
اور اگر ہم وہاں سے رات کو جانا چاہتے ہیں تو تعجب کی بات یہ ہیکہ		ہماری سواریاں ہمیں وہاں سے لیجانا پسند نہیں کرتی حالانکہ ہمکو کبھی ناپسند نہیں کیا
تَرَكْنَا بِحَارُ الزَّاخِرَاتِ وَرَاءَنَا	۸	فَمِنْ اَيْنَ يَدْرِي النَّاسُ اَيْنَ تَوَجَّهْنَا
موجزن دریاؤں کو ہم نے اپنے پیچھے چھوڑا		اب لوگوں کو کیا معلوم کہ ہم کہاں متوجہ ہوئے
وَثَمَّ حَدِيثٌ جَلَّ كُنْهُ صِفَاتِهِ	۹	عَنِ الْوَصْفِ مَا فَهْمًا بِذَاكَ وَلَا
اور وہاں ہمیں وہ چیز ملی جسکی تعریف ناممکن ہے		اس کی حقیقت ہمارے فہم و ادراک سے بالاتر ہے
شَهِدْنَا جَمَالًا مَا تَجَلّٰى لِغَيْرِنَا	۱۰	تَلَاحَظُهُ اَرْوَاحُنَا عَنْهُ مَالِحْنَا
ہم نے وہ جمال دیکھا جو کسی کو ہمارے سوا نظر نہیں آیا		ہماری ارواح اپنی یافت و شہود کی حد تک اسکا مشاہدہ کرتی ہے

قلائد الجواہر

قصیدہ (۹) ردیف الباء

قصیدہ ذیل حضور کا وہ مشہور آفاق قصیدہ ہے جسکی سند کئی کتابوں میں ملتی ہے قلائد الجواہر بہجۃ الاسرار۔ فتح المبین۔ فتوحات ربانیہ۔ انسان کامل (مولفہ حضرت سید عبدالکریم الجیلی وغیرہ)

اس قصیدہ پر شعرائے عرب و عجم نے تخمیس بھی کی ہے۔

اس قصیدہ کا منظوم فارسی ترجمہ حضرت ملا عبدالرحمٰن جامی قدس سرہ السامی نے فرمایا ہے اور حضرت ابوالمعالی قدس سرہٗ قطب لاہور نے شرح فرمائی ہے اور بشکل رباعیات اس کا ترجمہ فرمایا ہے البتہ دسویں شعر کی شرح اور ترجمہ حضرت کی تصنیف شریف میں نہیں ہے دسویں شعر کی شرح میری ہے باقی اشعار کی شرح جو حضرت جامی نے فرمائی ہے من و عن نقل کر دی گئی ہے۔

[illegible] ذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء [illegible]

تمہید شرح حضرت ابو المعالی [illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد از حمد و ثنا و صلوٰۃ و تحیت [illegible] عزیزہ چنین [illegible] حضرت قادریہ ابو المعالی [illegible] که این یازده ابیات [illegible] کہ ثنائے خاص سلطان الاولیاء است ترجمہ [illegible] بالتقاضائے وقت نوشتہ شد برائے طالبان صادق و صادقان حاذق آگر چون وقت ایشان بفهوم این ابیات خوش گردد کاتب مترجم را بخیرے یاد آرند. ومن اللہ العنایۃ والتوفیق

مَا فِي الصَّبَابَةِ مَنْهَلٌ مُسْتَعْذَبٌ	١	اِلَّا وَلِي فِيهِ الْأَلَذُّ الْأَطْيَبُ
عشقی اندر نباشد چشمهٔ خوب ؛ به سیری پاک و ماء محبوب		گر باشدم الذات صافی ؛ خوشگوار بهاء وافی
اَوْ فِي الْوِصَالِ مَكَانَةٌ مَخْصُوصَةٌ	٢	اِلَّا وَمَنْزِلَتِي اَعَزُّ وَاَقْرَبُ
نباشد وصال قرب قربت ؛ مکان خاص تر با عز و عظمت		گر باشد برے آما با فراز ؛ در آں با عز و قربت جا ممتاز
وَهَبَتْ لِيَ الْاَيَّامُ رَوْنَقَ صَفْوِهَا	٣	فَحَلَتْ مَنَاهِلُهَا وَطَابَ الْمَشْرَبُ
عطا گشته زبهر با ایام ؛ ز رونق در صفا با خود با تمام		شدش روشن منابعهای شیریں ؛ شدش شربت لطیف و خوشگوارش
فَغَدَوْتُ مَخْطُوبًا بِكُلِّ كَرِيمَةٍ	٤	لَا يَهْتَدِي فِيهَا اللَّبِيبُ فَيَخْطُبُ
شدم بعد از مطلوب کرامات ؛ به تکمیل بندگی و خطابات		نیابد هیچکس راہ دراں رازے ؛ ز دانائے مخاطب با اعزاز
اَنَا مِنْ رِجَالٍ لَا يَخَافُ جَلِيسُهُمْ	٥	رَيْبَ الزَّمَانِ وَلَا يَرَى مَا يُرْهَبُ
ز مردانم معزز و جاہ ؛ نه ترسد همنشیں هیچ گاہ		ز گردش ہائے دور زمان و بلا ؛ نه بیند هیچ [illegible]
قَوْمٌ لَهُمْ فِي كُلِّ مَجْدٍ رُتْبَةٌ	٦	عُلْوِيَّةٌ وَبِكُلِّ جَيْشٍ مَوْكِبُ
بود قومے به تکمیل کرامات ؛ کہ باشد بیشتر ازش در اعلیٰ درجات		مقام او بعلیات برتر ؛ و باشد مرکبے در هر لشکر
اَنَا بُلْبُلُ الْاَفْرَاحِ اَمْلَأُ دَوْحَهَا	٧	طَرَبًا وَفِي الْعَلْيَاءِ بَازٌ اَشْهَبُ
منم آں عبلبل بساں رحمت ؛ کہ شاخ عشق آمده بام زرفعت		به علیات بام صد درجات ؛ به باز اشہب مشہور علیات

حل لغات

صبابۃ. یعنی العاشق. المنهل چشمہ مشرب. المستعذب. اسم مفعول از استعذب. والاستعذاب خوش آمدن آب و دیگر چیزہا. الالذ اسم تفضیل از لذاذۃ واللذۃ. مزہ یافتن از باب سمع اشارہ الی ان اللذاذۃ مصدران معناهما مزہ یافتن. والاطیب اسم تفضیل از طیبۃ والطیبۃ خوش شدن. [illegible]

رباعی [illegible]

[illegible]

حل لغات

الوصال [illegible] الوصل [illegible]

أَصْبَحَتْ جُيُوشُ الْحُبِّ تَحْتَ مَشِيئَتِي	۸	طَوْعًا وَمَهْمَا رُمْتُهَا لَا تَعْزُبُ
تمامی لشکر حب گشته روشن ٭ بقصد خود بزیر خواهش من		ستم هر چند کردم دور از خویش ٭ نشد غائب و باشد پیش پیش
مَا زِلْتُ أَرْتَعُ فِي مَيَادِينِ الرِّضَا	۹	حَتَّى وُهِبْتُ مَكَانَةً لَا تُوهَبُ
چرا کامم بمیدان رضا بود ٭ رضای من رضا آینده بود		مقامم تا که بخشید او ز رحمت ٭ نشد مثلش پے دیگر عنایت
أَصْبَحْتُ لَا أَمَلًا وَلَا أُمْنِيَّةً	۱۰	أَرْجُو وَلَا مَوْعُودَةً أَتَرَقَّبُ
شدم بیدار دو ناکامیابم ٭ بحق امیدوار و خوشگوارم		نماند هیچ امیدیم موجود ٭ شدند امید با ام جمله موجود
أَضْحَى الزَّمَانُ كَحُلَّةٍ مَرْقُومَةٍ	۱۱	تَزْهُو وَنَحْنُ لَهَا الطِّرَازُ الْمُذْهَبُ
زمانه شدم ار روشن به ترتیب ٭ چو آن حله که با نقش است		منم او را طراز زرنگارے ٭ طراز جلوه افروز بے بہائے
أَفَلَتْ شُمُوسُ الْأَوَّلِينَ وَشَمْسُنَا	۱۲	أَبَدًا عَلَى فَلَكِ الْعُلَى لَا تَغْرُبُ
فرو شد شموس اولین ما همیشه لیکن باشد شمس فضیلت ما		درخشان بر فلک علا نخواهد ٭ فرو شد هیچ ساعت

دوبیت عبارت از ... الاسم من شیخ ... السدح ... بادل الطرب

بجهة ... نزدیک ... المحلا ... برسمقی ... حضرت

حل لغات ... سابق معلوم می گردد ... مقام ... و عقبان

ابجد ... دراین صورت تصرف و جمال ... ولایت بود ... باشد ... آیات

واصل بر تفصیل ... ایلیدم ... زبده است کند ... اول نقطه ... باشد

خصوصیت دران مقام ... آن جناب ... باشد ... حضرت

ذاه است ... کنار ... شرح نموده

حل لغات اصحبت ... معنا ... رباعی

السبب و العلیا ... الاشعب ... مقام ... بر اسجاد

رباعی

درگلش ... علم ... بعد ... شاه ... حل لغات

حل لغات ... رباعی ... الاول ... العبد

حضرت آدم ... قیامت آن جناب ... رباعی

رباعی ... حل لغات ... ارتع ... میدان ... ثمشی

خمسہ حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ

یہ خمسہ کلام حقانی در قول محبوب سبحانی سے تو خود مصنف کتاب مذکور نے نقل کیا اسکی کوئی قلمی نسخہ نقل کیا کسی کتاب میں اسکا پتہ نہ چل سکا

یَا طَالِبِیْنَ وِصَالَنَا تَقَرَّبُوْا	۱	وَسِرُّنَا فِیْ کُلِّ شَیْئٍ فَتَرَقَّبُوْا
ہمارے وصال کے خواستگار آؤ ہمارا قرب حاصل کرو		ہر شئے میں ہمارے اسرار کا پتہ چلاؤ
وَلِحُبِّنَا فِیْ حَانِنَا فَتَحَبَّبُوْا		مَا فِی الصَّبَابَۃِ مَنْہَلٌ مُسْتَعْذَبٌ
ہماری محبت اور آرزو ہو تو ہمارے میخانہ میں آؤ جام پر جام لگاؤ		عشق و محبت کا کوئی عمدہ ایسا شیریں چشمہ نہیں ہے

اِلَّا وَلِیْ فِیْہِ الْاَلَذُّ الْاَطْیَبُ

جسمیں میرے لئے لذیذ و خوشگوار ترین حصہ نہ ہو

اِنْ ثَمَّ فِیْ شَرَفِ الْمَعَالِیْ رُتْبَۃٌ	۲	مَعْلُوْمَۃٌ لِلْوَاصِلِیْنَ مُفِیْدَۃٌ
عشق و محبت کا اگر کوئی بہتر سے بہتر مضمون ہے		جو واصلین حق سے مفید مطلب ہو سکتا ہے
اَوْ فِیْ مِنَا اَہْلِ الْکَمَالِ سَرِیْرَۃٌ		اَوْ فِی الْوِصَالِ مَکَانَۃٌ مَخْصُوْصَۃٌ
یا کسی صاحب کمال کا عمدہ بیان ہے		یا وصال الٰہی کا کوئی مخصوص مقام ہے

اِلَّا وَمَنْزِلَتِیْ اَعَزُّ وَاَقْرَبُ

تو یقین جانو میرا درجہ ان سب سے بلند اور سب سے نزدیک ہے

اَنَا قُطْبُ اَرْبَابِ الْكَمَالِ وَكُفُوهَا	۳	وَاَنَا الْمُفِيضُ عَلَى الْعَوَالِمِ عَرْفَهَا
میں ارباب کمال کا قطب ہوں اور انکے لئے ایک نمونہ ہوں		میں سارے عالم میں معرفت کی خوشبو پھیلانے والا ہوں
اَنَا عَيْنُ عَيْنِ الْعَيْنِ حَاوِى طَرْفِهَا		وَهَبَتْ لِى اَيَّامُ رَوْنَقِ صَفْوِهَا
میں فانی ہو کر باقی بحق ہو چکا ہوں اور مظہر شاہد حق ہوں		اس زمانہ کی خالص شئے وصال مجھے عطا ہوئی

فَحَلَتْ مَنَاهِلُهَا وَطَابَ الْمَشْرَبُ

آب معرفت کے چشمے بھی شیریں ہو چکے ہیں انکا پانی بھی خوشگوار ہو چکا ہے

مِنِّى لِاَهْلِ الصِّدْقِ كُلُّ عَزِيمَةٍ	۴	مِنْ كَشْفِ اَسْرَارٍ وَوَهْبِ عَزِيمَةٍ
مخلص اور پاک باطن لوگوں کے لئے میری جانب سے پورا پورا اہتمام ہے		معرفت الٰہی کے اسرار ان پر کھولے جاتے ہیں اور ان کے ارادوں کو استحکام بخشا جاتا ہے
وَلِكُلٍّ بِى يَرْجُو وِصَالَ قَدِيمَةٍ		فَغَدَوْا شُمُخُوا بِكُلِّ كَرِيمَةٍ
ہر ایک میرے توسط سے وصال الٰہی کا طالب ہے		اسلئے ہر قسم کی بزرگی مجھ سے منسوب کیگئی ہے

لَا يَهْتَدِى فِيهَا اللَّبِيبُ فَيَخْطُبُ

جس میں صاحبان بصیرت بھی راہ نہیں پاتے اور نہ کلام کر سکتے ہیں

اَنَا سِرُّ آلِ الْمُصْطَفٰى لَوْنَامُوسُهُمْ	۵	وَاَنَا لِجَمِيعِ الْاَوْلِيَاءِ رَئِيسُهُمْ
میں معارف و حقائق میں آل مصطفیٰ اور اہلبیت اطہار کا راز دار ہوں		میں سلطان الاولیاء ہوں

حل لغات

شرح

حل لغات

شرح

وَاَنَا الصَّفُ العارفین نفیسھم		انا من رجال لایخاف جلیسھم
میں عارفین کا محبوب نظر ہوں		میرے ہم نشینوں کو نہ گردش

زیبُ الزمان ولا یری ما یرھبُ

زمانہ کا خوف اور نہ کسی خوفناک چیز کا اندیشہ

اَنَا عَرشُ اَسمَاءِ الالٰہ لوحھا	٦	وَاَنَا الطوفان المعارف نوحھا
میں اسمائے الٰہی کی بلندترین کیفیات اپنے اندر محفوظ کئے ہوئے ہوں		حقائق و معارف کے سمندر میں زبردست جو خطرات سے پیش آئے ہیں ان حضرت نوح کیطرح بچاتا ہوں
اَنَا صاحبُ الاسرار مالکُ روحھا		اَنَا بلبلُ الافراح اَملاءُ دوحھا
میں حقائق و معارف اور انکی روح سے پورا پورا واقف ہوں		میں گلشن معرفت کا بلبل ہزار داستان ہوں جو اپنے فرحت بخش ترانوں سے فضائے گلستان کو معمور کرتا

طرباً وفی العلیاءِ بازٌ اشھبُ

میں باز اشہب جیسا مقام ہوں بادشاہ کے ہاتھ پر ہوتا ہے اور جو با حرکت غیرے حقائق کا شکار کرتا ہے

اَلحقُّ اَرسلنی لاھل طریقتی	٧	سلطانُ اَھلِ الدّین حامی الملّۃ
خدا نے مجھے اہل طریقت کی ہدایت کیلئے بھیجا ہے		میں اہل دین کا بادشاہ اور حامی ملت یعنی دین کا محافظ ہوں
ولی الایّامُ ترقبُ نظرتی		اصبحت جیوشُ الحبّ تحت مشیّتی
زمانہ میرے گرد گھوم رہا ہے اور میری نظر دیکھ رہا ہے		لشکر عشاق میری تحت مشیت ہے

حل لغات

منیۃ۔ تمنا۔ سنیۃ۔ روشن [illegible]

مغنیۃ۔ بے پرواہ کرنے والی چیز۔ امنیۃ۔ آرزو۔ اترقب۔ میں امیدوار ہوں۔

شرح:- وصال الٰہی سے بڑھ کر کوئی نعمت ہو سکتی ہے اس مقام پر پہونچنے کے بعد طالب کی تمام طلب پوری ہو جاتی ہے اس کا رخ اپنے محبوب کی جانب ہوتا ہے وہ دونوں جہاں سے بے نیاز ہو جاتا ہے اسکی جانب ہوتا ہے اور وہ دونوں جہاں اس کی جانب ہوتا ہے اگر وہ [illegible]

	طوعاً ومهما رمتها لا تغرب
	جب کبھی میں انہیں طلب کرتا ہوں تو وہ امتثال امر میں حاضر ہو جاتے ہیں

ابقت نفوس العارفين سنية	٨	لى فى مقام الواصلين منية
جہاں ارباب عرفان کے نفوس روشن ہو جاتے ہیں		میں مقام واصلین میں فنا ہو چکا ہوں
اصبحت لا املا ولا امنية		وعن الوجود واهله مغنية
اسی لئے میری یہ حالت ہے نہ تو مجھے کسی قسم کی آرزو ہے نہ تمنا		اور جہاں وجود اور اہل وجود دونوں سے بے نیازی ہو جاتی ہے

	ارجو ولا موعودة اترقب
	کہ جس کی میں خواہش کروں یا جس کا میں امیدوار ہوں

ومطالعا فى علمه لوح القضاء	٩	قد صار قلبى جامعا آهل القضا
احکام قضا و قدر اس کے حیطۂ علم میں ہیں		میرا دل صاحبان قضا و قدر کا جامع ہے
ما زلت ارتع فى ميادين الرضا		حتى مضى فى حاله ما قد مضى
میں تسلیم و رضا کے میدان میں چرتا ہوں		ہر حال میرے دل پر جو حالت گذری وہ گذری

	حتى وهبت مكانة لا توهب
	یہاں تک کہ مجھے وہ رتبہ بخشا گیا جو کسی اور کو عطا نہیں ہوا

اسی لئے دل میں کوئی آرزو و تمنا نہیں اس دنیا کا ثمرہ ہوتا ہے تو آخرت کا شہد سے تو جنت جیم و دے جو ر سے انہاں محو تمام ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء

حل لغات ٩

مطالع۔ [illegible] ۔ ارتع۔ چرتا ہوں۔ میدان کی جمع میادین ہے۔ ہبۃ۔ بخشش

شرح:- مسلک قادریہ کیا ہے؟ تسلیم و رضا یعنی خوشی خوشی جینا اپنی خوشی مرنا۔ احکام قضا و قدر پر نظر رکھنا تحت امر زندگی گذارنا یہی عین اسلام ہے اور یہی عین ایمان ہے قل ان صلاتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ رب العالمین۔ حضور کی ساری زندگی تسلیم و رضا کی زندگی تھی اٹھنا، بیٹھنا، سونا، جاگنا سب تحت مشیت تھا۔ خود فرماتے ہیں کہ میں نہیں کھاتا جب تک قسم دے کر کھلایا نہیں گیا۔ جب تک قسم دے کر پہنایا نہیں گیا نہیں پہنا ۔ ۔ ۔ مولانا احمد رضا خاں بریلوی اسی جانب اشارہ کرتے ہیں اور عرض کرتے ہیں کہ

قسمیں دے دے کے کھلاتا ہے پلاتا ہے تجھے
روز اللہ تیرا چاہنے والا تیرا

جاهدت فى الله حق الجهد بالزهد
فى كل ما تشتهيه النفس كالشهد
فقمت لله بالقرآن والشهد
جافيت مضجعكم يا محى الدين
الله اراك ما لم يؤتها احد
من الاله طبيبا اذا ما كنت متحد
ليس البرية هادى الخلق دينه هدى
فانت احرى بهذا يا محى الدين

وَلَهٗ

اِذا نظرت عَيني وجوهَ حبائبي	١	فتلكَ صلاتي في ليالِ الرَّغائب
میری آنکھ جب میرے محبوب کا روئے زیبا دیکھتی ہے		تو یہی میری رغبت والی راتوں کی نماز ہوتی ہے
وُجوهٌ اِذا ما اَسفرت عن جمالِها	٢	اَضاءت لها الاكوانُ مِن كلِّ جانب
روئے جاناں سے جب نقاب اٹھتا ہے		تو اس کے پرتو سے کائنات کا گوشہ گوشہ چمک اٹھتا ہے
حُرمتُ الرِّضى اِن لم اكُن باذِلَها	٣	اُزاحِمُ شُجعانَ الوغى بالمناكب
مقام رضا سے محروم ہو جاؤں اگر اپنے محبوب کیلئے اپنا خون نہ بہاؤں		اور بہادرانِ جنگ سے دوش بدوش مقابلہ نہ کروں
اَشُقُّ صُفوفَ العارفينَ بعزمةٍ	٤	تعلّى بمجدٍ فوقَ تلكَ المراتب
میں اپنے مضبوط ارادے کے ساتھ عارفوں کی صفوں کو چیرتا چلا گیا		بالآخر میرا رتبہ ان کے رتبہ سے بلند ہو گیا
وَمَن لم يُوفِ الحبَّ ما يستحقُّهُ	٥	فذاكَ الذي لم يأتِ قطُّ بواجب
اور جس نے حق محبت ادا نہیں کیا		تو گویا اس نے ایک امر واجب کی تکمیل نہیں کی

بہجۃ الاسرار ص۵۸ قلائد الجواہر ص۲۸

حل لغات
عود یعود - عادت ڈالنا - خوگر بنانا
عذب - شیریں - رمی یرمی - تیر چلانا
صدّ - فراق - ہجر - صعب - دشوار - مشکل

تشریح :-
وصل سے شاد کیا پھر سے ناشاد کیا
اس نے جس طرح سے چاہا مجھے برباد کیا

وله

عَوَّدُونِی الوِصَالَ وَالوَصلُ عَذبٌ	۱	وَرَمُونِی بِالصَّدِّ وَالصَّدُّ صَعبٌ
انہوں نے مجھے خوگر وصل بنادیا (شب یعنی کہ) وصل شیریں ہوتا ہے		اور پھر انہوں نے ہجر کا مجھے نشانہ بنادیا اور کہ بہ نہیں جاتا کی ہجر ایک مصیبت ہے
زَعَمُوا حِینَ عَاتَبُوا اَنَّ جُرمِی	۲	فَرطُ حُبِّی لَهُم وَمَا ذَاكَ ذَنبٌ
بوقت عتاب فرماتے ہیں کہ میرا جرم		ان کی فرط محبت ہے حالانکہ یہ تو کوئی جرم نہیں
لَا وَحَقِّ الخُضُوعِ عِندَ التَّلَاقِی	۳	مَا جَزَا مَن یُحِبُّ اِلَّا یُحَبُّ
اس خضوع کی قسم جو محبوب سے ملنے کے وقت ہوتی ہے		کہ محبت کرنیوالے کی خبر بجز اسکے نہیں کہ وہ محبت کیا جائے

قلائد الجواہر ص ۸۲

۲ حل لغات
زعم - ارادہ ، گھمنڈ ، ادعا
حین - جبکہ - ظرف زمان - جرم
خطا ، غلطی ، فرط - زیادتی - ذنب - گناہ
تشریح :-
تیرا چاہنا ہے اگر جرم کوئی
تو اس جرم کی میں سزا پانا چاہوں

۳ حل لغات
خضوع - تخشع - خلوص ، اخلاص
تلاقی - ملاقات - جزاء - بدلہ
یحب - چاہتا ہے - یُحَب - چاہا جاتا ہے

تشریح :-
محبت کاملہ محبت ہے محبت
میں خلوص ہو تو
[illegible]

ولہ ۱۲

اِذَا كُنْتَ عَنْ عَيْنِ الْعِيَانِ مُغَيَّبًا	۱	فَمَا اَنْتَ عَنْ قَلْبِي وَسِرِّي بِغَائِبٖ
جب آپ میری ظاہری آنکھوں سے غائب تھے		تو میرے چشم دل اور دیدۂ جاں سے تو غائب نہ تھے
اِذَا اشْتَاقَتِ الْعَيْنَانِ مِنْكَ لِنَظْرَةٍ	۲	تَمَثَّلْتَ لِي فِي قَلْبِكَ مِنْ كُلِّ جَانِبٖ
جب آنکھیں مشتاق دیدار ہوتی ہیں		تو آپ ہر جانب سے میرے دل میں متمثل ہو جاتے ہیں

ولہ ۱۳

فتح المبین کی صفحہ (۹۰) پر یہ صراحت ہے کہ جب حضرت شیخ احمد الرفاعی حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی زیارت کیلئے حاضر ہوئے تو انہوں نے یہ ابیات عرض کی

فِي حَالَةِ الْبُعْدِ رُوحِي كُنْتُ اُرْسِلُهَا	۱	تُقَبِّلُ الْاَرْضَ مِنِّي وَهِيَ نَائِبَتِي
یعنی حالت بعد سے میں اپنی روح کو بھیجا کرتا تھا		تاکہ وہ نیابتاً میری جانب سے زمین بوسی کرے
وَهٰذِهٖ نَوْبَةُ الْاَشْبَاحِ قَدْ حَضَرَتْ	۲	فَامْدُدْ يَمِينَكَ كَيْ تَحْظٰى بِهَا شَفَتِي
اور میں اب جسمانی طور پر حاضر بارگاہ ہوں		لہذا آپ اپنا دایاں دست دراز کریں تاکہ میں اپنے مشتاق لبوں سے اسکا بوسہ لے سکوں

اسکے جواب میں سید الاولیاء رضی اللہ عنہ نے متذکرہ بالا ابیات میں جواب سرفراز فرمایا جن کا اس احقر نے یہ منظوم ترجمہ کیا ہے

ہر چند کہ حسن رخت از چشم نہاں بود ∴ ہر آئینہ دل وے ہر لحظہ عیاں بود
ہر دم کہ نگاہم مشتاق جمالست ∴ دیدم کہ نگاہ تو بہ سوئم نگراں بود

[illegible] در راہ [illegible] مرحلہ قرب و بعد نیست
می بینمت عیان و دعا می فرستمت

بقول حضرت جامی
[illegible]
وجعلہ فی نظری کل غداۃ و عشی

وَلَہٗ

دَنَوْتُ عَنِ الْمَحْبُوْبِ اَعْلَی الْمَرَاتِبِ	۱	فَاَوْهَبَنِیْ بِالْقُرْبِ اَزْكَی الْمَوَاهِبِ
میں نے اپنے محبوب سے قریب ہو کر اعلیٰ مدارج حاصل کئے		اس نے اپنی قربت سے مجھے بہترین عطایا سرفراز کیا
وَتَوَّجَنِیْ تَاجًا عَلٰی خَلْعِ اَرْضِنِیْ	۲	بِاَسْنٰی مَلَابِسَ فَنِلْتُ مَاٰرِبِیْ
اس نے خلعت رضا کے علاوہ مجھے تاج پہنایا		اور ایسے قسم کی پوشاک پہنائی غرض میں اپنا مقصد پالیا
وَنَادَمَنِیْ مِنْ غَیْرِ وَاسِطَةٍ وَقَدْ	۳	بَدَا لِیْ جَهْرًا لَا حِجَابَ وَحَاجِبِ
مجھ سے اس نے بلا واسطہ ہم نشینی کی		میرے لئے بلا حجاب و حاجب جلوہ گر ہو گیا
سَلَكْتُ طَرِيْقًا لَيْسَ يَسْلُكُ سَالِكٌ	۴	وَكَانَ حَبِیْبِیْ لِیْ دَلِیْلًا وَصَاحِبِیْ
میں نے وہ راہ طے کی جس پر کوئی سالک نہیں چل سکتا		اور میری رہنمائی اور رفاقت میرے حبیب رسول اکرم نے فرمائی
خَلَوْتُ لِمَنْ اَهْوٰی بِغَیْرِ مُزَاحِمٍ	۵	فَیَا حَبَّذَا مَا طِبْتُ لِیْ مِنْ مَاٰرِبِ
جس سے مجھے عشق و محبت ہے بلا روک ٹوک میں اسکے ساتھ تنہا رہا		اے واہ میں نے کیا بہتر و خوشگوار مقاصد حاصل کئے
وَلِیْ وَلَهٗ قَبْلَ الْوُجُوْدِ وَكَوْنِهٖ	۶	وَلِیْ قَدَمٌ قَدْ جَالَ فِیْ جَذْبِ جَاذِبِ
یہ میری اور میرے محبوب کی محبت وجود و کون کے قبل سے ہے		اور ازل ہی سے مجھے کسی کھینچنے والے نے اپنی جانب کھینچ لیا ہے

وهذا مقامی واتصالی بخالقی	۷	وذکری حظی من حبیب الحبائب
یہ میرا مقام ہے اور میرے خالق کیساتھ اتصال ہے		اور محبوبوں کے محبوب کی یاد میرا حصہ ہے
انا فی الھوی سلطان کل متیم	۸	لمملکتی فی الارض حنت رکائبی
مقام عشق میں ہر مشتاق کا میں بادشاہ ہوا		تمام شہسواران روئے زمین میں میری حکومت کے آگے سر جھکائے
وجالت خیولی الارض شرقا ومغربا	۹	وفی طولها والعرض دار نجائبی
اور میرے گھوڑوں نے مشرق و مغرب میں جولانی کی		اور دنیا کے طول و عرض میں میری عربی نسل گھوڑوں نے چکر لگایا
ودقت لی السادات فی الارض والھوی	۱۰	طبولا لعزی کم لھا الف ضارب
اور روئے زمین میں تمام سرداروں اور ارباب عشق نے میرا ڈنکا بجایا		میری شان و شوکت کے ڈھول پیٹنے والے ہزاروں ہیں
ولی خیمة خضراء فی مشرقها	۱۱	وفی مغرب اطنابها بتراکب
اور میرے لئے مشرق میں سبز خیمہ تانا گیا		جسکی طنابیں میخوں سے مغرب میں ترتیب سے لگائی گئیں
وتنصب فی حشر علینا تظلنا	۱۲	رجالی واصحابی بها فی مناصب
یہی خیمہ حشر میں بھی ہم پر سایہ فگن رہے گا		میرے سارے احباب و اصحاب اسکے زیر سایہ بلحاظ مراتب مقیم ہونگے
انا قطب اقطاب الوجود حقیقة	۱۳	وجملهم لی یتبعون مذاهبی
میں درحقیقت عالم وجود کا قطب الاقطاب ہوں		اور سب میرے مسلک و مذہب کی اتباع کرتے ہیں

حل لغات: دقت۔ بجانا۔ طبول۔ طبل کی جمع ہے۔ یعنی ڈھول۔ ضارب۔ مارنے والا۔ پیٹنے والا۔

اذا اجتمعوا فی جامع العشق جلہم	١٤	خطیباً اعظہم من بلیغ عجائبی
جب وہ جامع عشق میں جمع ہوتے ہیں		تو میں بحیثیت خطیب بلاغت آمیز عجائب سنا کر نصیحت کرتا ہوں
قعود جلوس ینظروا تحت منبری	١٥	ویجروا دموعاً بالدماء سواکب
یہ لوگ میرے منبر کے نیچے بیٹھے ہوئے مجھے تکتے رہتے		اور خون کے آنسو بہاتے رہتے
انا خادم فی حضرۃ نبویۃ	١٦	قریب لہ قرباً کقوس الحواجب
میں بارگاہ نبوت میں خادم ہوں		اور حضور سے اتنا قریب ہوں جیسے کمان ابرو

ولہ ١٥

تجلی لی المحبوب من غیب الحجب	١	فشاھدت اشیاء تجلی من الخطب
پردہ غیب سے میرے لئے محبوب نے تجلی کی		تو میں نے ان تمام چیزوں کو دیکھ لیا جو اس تجلی سے روشن ہو گئیں
واشرقت الارض من نور وجھہ	٢	فخفت لان اقضی لھیبۃ فجی
اس کے روئے روشن کی تجلی سے ساری کائنات جگمگا اٹھی		مجھے خوف ہوا کہ کہیں اس کی ہیبت سے اپنی جان نہ گذر جاؤں
ولما صدقنا شیلت الحجب بیننا	٣	ولولا کلام الصدق ما شیلت الحجب
ہم جب محبت میں پورے اترے تو ہمارے درمیان جو پردے تھے وہ اٹھ گئے		اگر راست بازی نہ ہوتی تو یہ حجابات دور نہ ہوتے

فَنادیتُہُ سرّ التعظیم شانہ	۴	ولم اطلب الرؤیا لہ خیفت العتب
میں نے آپ کی عظمت وشان کے پیش نظر آپ کو آہستہ ندا دی		اور باندیشہ عقاب طالب دید نہ ہوا
سِوی اِنّنی نادیتُہ جذّ بزرۃٍ	۵	لِتُحی بہا میت الصّبابۃ واللّب
میں نے زیادہ سے زیادہ یہ کیا کہ بس آپ سے التجا کی		کہ آپ از راہ لطف مجھ پر ایک نظر ڈال دیں جس سے یہ کشتہ محبت زندہ ہو جائے
تَعطّف علیٰ من انت اقصیٰ مُرادُہٗ	۶	فمعناک فی عینی و ذکراک فی قلبی
اس پر لطف فرما جس کا تو انتہائی مقصد ہے		میری آنکھ میں تیرا جلوہ اور میرے دل میں تیری یاد ہے

ولہٗ ۱۶

فَلیتَک تحلُو والحیاۃُ مَریرۃٌ	۱	ولیتَک ترضیٰ والانامُ غِضابُ
کاش تو میرے حق میں شیریں ہوتا اور زندگی تلخ ہوتی		اور کاش تو راضی ہوتا اور سب لوگ ناراض ہوتے
ولَیتَ الّذی بینی وبینَکَ عامرٌ	۲	وبینی وبینَ العالمینَ خرابُ
اور اے کاش ہمارے باہم تعلقات آباد ہوتے		اور مجھ میں اور دونوں جہان میں جو تعلقات ہیں وہ برباد ہو جاتے
اِذا صحّ منکَ الوُدّ فالکُلّ ھیّنٌ	۳	وکُلّ الّذی فوقَ التّرابِ ترابُ
تجھ سے صحیح محبت استوار ہو جائے تو ہر ہر شے میرے لئے آسان ہے		اور ہر شے جو اس مٹی پر ہے وہ مٹی ہی تو ہے

وله

١	إذا نظرت عيني وجوه حبائبي	فتلك صلاتي في ليالي الرغائب
	میری آنکھیں جب میرے محبوب کا رخ زیبا دیکھتی ہے	تو یہی میری طویل راتوں کی نماز ہوتی ہے
٢	وجوهٌ إذا ما أسفرت عن جمالها	أضاءت لها الأكوان من كل جانب
	روئے جاناں سے جو نقاب اٹھتا ہے	تو اسکے پرتو سے کائنات کا گوشہ گوشہ چمک اٹھتا ہے
٣	حُرمتُ الرضى إن لم أكن باذلا لها	أزاحم شجعان الوغى بالمناكب
	مقام رضا سے محروم ہو جاتا اگر اپنے محبوب کیلئے اپنا حق نہ بہادوں	اور بہادران جنگ سے دوش بدوش مقابلہ نہ کروں
٤	أشق صفوف العارفين بعزمة	تعلى مجدي فوق تلك المراتب
	میں اپنے مضبوط ارادوں کیساتھ عارفوں کی صفوں کو چیرتا گیا	بالآخر میرا رتبہ ان کے رتبہ سے بلند ہوگیا
٥	ومن لم يوفِّ الحب ما يستحقه	فذاك الذي لم يأت قط بواجب
	جس نے حق محبت پورا ادا نہیں کیا	گویا اس نے ایک امر واجب کی تکمیل نہیں کی

وله ۱۸

هنیئاً لصحبی انّنی قائد الرکب	۱	اسیّرهم قصداً الی منزل الرحب
میرے اصحاب کو خوشخبری ہو کہ میں انکا امیر لشکر ہوں		(جو) انہیں ایک وسیع تر درگاہ کیجانب لیجارہا ہوں
واکفنهم والکل فی شغل امره	۲	وانزلهم فی حضرة القدس من ربّ
میں ان کے ہر معاملہ ہر شغل میں ممد و معاون رہوں گا		اور انکو (بالآخر) بارگاہ ربوبیت میں پہونچا دوں گا
ولی معهد کل لطوائف دونه	۳	ولی منهل عذب المشارب والشرب
اور میری وہ ارفع و اعلیٰ قرار گاہ ہے جسکے آگے		اور میرا چشمہ بھی نہایت شیریں و خوش مزہ ہے
واهل الصفا یسعون خلفی کلّهم	۴	لهم همّة امضی من الصارم [العضب]
اور اہل صفا میرے پیچھے بھاگے بھاگے آرہے ہیں		انکی ہمت کا کیا پوچھنا جو تلوار سے زیادہ کام کرتی ہے

وله ١٩ ردیف التاء

طَابَ شُرْبُ الْمُدَامِ فِي الْخَلَوَاتِ	۱	اَسْقِنِي يَا فَقِيهُ فِي الْاٰنِيَاتِ
تنہائی میں مے نوشی اچھی لگتی ہے		(پس) اے دانش مند مجھے ساغر سے پلا دے
خَمْرَةٌ تَرْكُهَا عَلَيَّ حَرَامٌ	۲	لَيْسَ فِيهَا اِثْمٌ وَلَا شُبُهَاتٌ
یہ ایسی مے ہے جس کا چھوڑنا مجھ پر حرام ہے		جسکے پینے میں گناہ ہے نہ (حرمت کا) شبہ
وَشَرِبَهَا خَيْرُ الْبَرَايَا مُحَمَّدٌ	۳	هَامَ فِيهَا وَخُصَّ بِالْمُعْجِزَاتِ
اور اسکو سیدنا محمد مصطفےٰ خیر البرایا صلی اللہ علیہ وسلم نے پیا		اور اس سے سرشار ہوگئے اور معجزوں سے خاص کیے گئے
وَشَرِبَهَا مُوسَى عَلَى طُورِ سِينَا	۴	هَامَ فِيهَا وَخُصَّ بِالْمُنَاجَاتِ
اور اس کو (حضرت) موسیٰ نے طور سینا پر پیا		وہ بھی اس طرح سرشار ہوئے اور مناجات کے ذریعہ خاص کیے گئے

حل لغات متعلقہ قصیدہ ۱۹
هنیئا۔ مبارک باشد۔ مرحبا۔ صحب۔ اصحاب
رفقاء۔ سیر۔ چلنا۔ اردو میں بھی مستعمل ہے
قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔ موجب۔ وسیع کشادہ

تشریح ۱:
حضور غوث پاک اپنے رفقا اور اصحاب کو
خوشخبری دے رہے ہیں کہ ان کے کارواں کے آپ
میر کارواں ہیں جو ان کو وسیع منزل کی جانب
لیجا رہے ہیں یہ منزل قرب الٰہی کی منزل ہے۔

تشریح ۲:
آپ فرماتے ہیں کہ جس نے یہ عزم صمیم کر لیا ہے
کہ ان ارباب صفا کی [illegible]
قرب الٰہی کی منزل میں اتار کر رہیں گے۔

حل لغات ۳
معهد۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ قرارگاہ۔ منزل
طائفۃ۔ جماعت۔ گروہ۔ [illegible]
عذب۔ شیریں۔ منهل۔ چشمہ

تشریح ۳:
آپ نے اس شعر میں اپنے مقام کی رفعت
کا اظہار فرمایا ہے۔ کہ جس مقام پر آپ
فائز ہیں اس کے آگے تمام مدارج
پست ہیں۔

واہ کیا مرتبہ اے غوث ہے بالا تیرا
اونچے اونچوں کے سروں سے قدم اعلیٰ تیرا
سر بھلا کیا کوئی جانے کہ ہے کیسا تیرا
اولیاء ملتے ہیں آنکھیں وہ ہے تلوا تیرا

تشریح ۴: [illegible]

حل لغات ۴
صفا۔ صاف۔ پاکیزہ۔ اہل صفا۔ پاکیزہ لوگ
اصفیاء۔ اتقیاء۔ متقی۔ [illegible]
صارم۔ تلوار۔ شمشیر

اَفۡتِنِیۡ یَافَقِیۡه فِیۡهَا وَقُلۡ لِیۡ	۵	هَلۡ یَجُوۡزُ شُرۡبُهَا عَلَی الۡعَرَفَاتِ
اے فقیہ! اس شراب کے بارے میں فتوے دے اور مجھ سے کہہ		کہ کیا اس کا پینا عرفات پر جائز ہے!
اَوۡ یَجُوۡزُ الطَّوَافُ وَالسَّعۡیُ فِیۡهَا	۶	وَالتَّلَبِّیۡ وَتَرۡمِی الۡجَمَرَاتِ
کیا یہ مے پی کر طواف اور سعی		اور تلبیہ اور رمی جمرات جائز ہے!
وَرَمُوۡا بِالۡجِمَارِ جَمۡرَةَ قَلۡبِیۡ	۷	اَیُّ قَلۡبٍ تَصَبَّرُ الۡجَمَرَاتِ
اور انہوں نے اپنی محبت کے شعلوں سے میری آتش قلب اور بھڑکا دی		(بھلا) کون دل ان شعلوں کو برداشت کر سکتا ہے
رَحَّبُوۡنِیۡ وَاَجۡلَسُوۡنِیۡ وَقَالُوۡا	۸	اَنۡتَ مَنۡ اَنۡشُرُ لَكَ الۡخَیۡرَاتِ
انہوں نے مجھے مرحبا کہہ کر مجھے بٹھایا اور کہا		تو وہ شخص ہے جس کے ذریعہ میں نیکیاں پھیلا رہا ہوں
اَنَا عَبۡدُ الۡقَادِرِ طَابَ وَقۡتِیۡ	۹	اَنَا حَامِی الۡحِمَا بِطُوۡلِ حَیَاتِ
میں بندہ قادر ہوں میرا زمانہ خوشگوار ہے		میں تا زیست چراگاہ کا نگہبان رہوں گا
وَالصَّلٰوةُ عَلٰی شَفِیۡعِ الۡبَرَایَا	۱۰	خَیۡرِ مَنۡ حَجَّ اَوۡ رَقٰی عَرَفَاتِ
شفیع البرایا پر درود		جو ہر حج کرنے والے اور عرفات پر چڑھنے والے سے بھلے ہیں

(ماخوذ از قلمی نسخہ)

حل لغات: مدام - شراب - خلوت - تنہائی

حل لغات: رمی - پھینکنا - پھینک کر مارنا - جمرۃ - چنگاری - جمع جمرات

حل لغات: مرحبا - خیر مقدم کرنا - نشر کرنا - پھیلانا - خیر - بھلائی - نیکی

حل لغات

باب۔ دروازہ۔ وقوف۔ ٹھیرنا

ضیق۔ تنگی

منہج۔ راستہ۔ جمع مناہج۔ فوز۔ کامیابی

عروج۔ بلند بالا۔ ذی المعارج۔ صاحب مراتب

تشریح

ولہ ۲۰ ردیف الجیم

۱	علی بابنا قف عند ضیق المناهج	تفز بعلی القدر من ذی المعارج
	جب سب راستے تنگ ہو جائیں تو ہمارے دروازہ پر آکر ٹھیر جا	(ان شاء اللہ) بوسیلہ عُدائے برتر اور ذو المراتب تو کامران ہوگا
۲	الم تر ان الله اسبغ نعمة	علینا و ولانا قضاء الحوائج
	کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے ہم پر نعمت انڈیل دی ہے	اور خلق کی حاجتوں کو پورا کرنے پر ہمکو مامور کیا ہے

(فیوضات ربانیہ۔ مرقع کلیمی)

ولہ ۲۱ ردیف الدال

۱	یا من تحل بذکره	عقد النوائب والشدائد
	اے وہ جسکی یاد سے کھل جاتے ہیں	مصائب اور سختیوں کے عقدے
۲	یا من الیه المشتکی	والیه امر الخلق عائد
	اے وہ جس سے سارے مصائب کا شکوہ کیا جاتا ہے	اور جو کار خلق کا محور ہے
۳	یا حی یا قیوم یا	صمد تنزه عن مضادد
	اے حی (زندہ) اور اے قیوم (قائم بالذات)	اور اے بے نیاز جو اضداد سے منزہ ہے

حل لغات

اسبغ۔ انڈیل دیا ہے۔ ولی۔ کارساز۔ والی بنانا

قاضی۔ فیصلہ کرنے والا۔ حاجۃ۔ ضرورت۔ جمع۔ حوائج

تشریح

حل لغات

حل ہو جانا اردو میں مستعمل ہے۔ ذکر۔ یاد

عقدۃ۔ گرہ۔ جمع عقد۔ نائبۃ۔ مصیبت۔ جمع نوائب۔ مصیبتیں۔ شدیدۃ۔ سختی۔ جمع شدائد۔ سختیاں۔ دشواریاں

حل لغات

مشتکی۔ شکوہ

حل لغات: حی - زندہ - حیات - زندگی - اللہ تعالیٰ کی زندگی ازلی و ابدی ہے - قائم - قائم رکھنے والا - قیوم - قائم بالذات - صمد - بے نیاز - جمع اضداد

انت العلیم بما بلیت	۴	به وانت علیه شاهد
تو اس مکتب سے باخبر ہے جس میں مبتلا کیا گیا ہوں		کہ تو حاضر و ناظر ہے
انت المنزه یا بدیع الخلق	۵	عن ولد ووالد
اے خالق (ارض و سماوات) تو ہر عیب و نقص سے مبرا ہے		تو لم یلد و لم یولد ہے تو جنا نہ جنایا گیا
انت الرقیب علی العبا	۶	د وانت فی الملکوت واحد
تو بندوں کے احوال کا نگران ہے		اور ملکوت میں تیری ذات یکتا ہے
انت المعز لمن اطا	۷	ع والمذل لکل جاحد
تو اس کو عزت دینے والا ہے		تیری اطاعت کی اور جس نے نافرمانی کی اسکو ذلت دینے والا ہے
انی دعوتک والهمو	۸	م جیوشها قلبی تطارد
میں اس حال میں تجھے ندا دے رہا ہوں		جبکہ لشکر غم مجھے پریشان کیے ہوئے ہے
فرج بحولک کربتی	۹	یا من له حسن العوائد
اپنے حول و قوت سے میری مصیبت دور فرما		اے وہ جسکے قبضہ قدرت میں سب سے بہتر آسائش ہے
انت المیسر والمسبب	۱۰	والمسهل والمساعد
تو ہی (ہر مشکل کو) آسان کرنیوالا اور کارساز ہے		ان سختیوں کو آسان کرنیوالا اور مدد و معاون تیری ذات ہے

حل لغات: علم - جاننا - عالم - جاننے والا - علیم - بروزن فعیل - بہت علم والا - شاهد - دیکھنے والا

حل لغات: جیوش - جیش کی جمع - لشکر - هموم - هم کی جمع - غم

حل لغات: فرج - دور فرما - کرب - مصیبت

حل لغات: یسر - آسانی - میسر - آسان کرنے والا - مساعدت - موافقت - مسهل - سہل کرنیوالا - مساعد - سازگار

یسّرلنا فرجاً قریباً	۱۱	یا الٰھی لا تباعِد
ہمارے لئے جلد کشادگی فرما		بار الٰہا پھر اسکو ہم سے دور نہ کر
فخفیُّ لطفِک یُستعا	۱۲	نُ بهٖ علی الزمنِ المعانِد
کہ تیری پوشیدہ مہربانی سے ہی		مدد لی جاتی ہے مخالف زمانہ پر
کُن راحمی فلقد أئستُ	۱۳	من الاقارب والاباعِد
رحم فرما کہ میں مایوس ہوچکا ہوں		رشتہ داروں اور بیگانوں سے
وعلی العدیٰ کُن ناصِری	۱۴	لا تشمت بی الحواسِد
اور دشمنوں کے خلاف میرا مددگار ہوجا		حاسدوں کو میری تباہ حالی پر خوشی کا موقع نہ دے
ثمّ الصلاۃ علی النبی	۱۵	وآلهٖ الغرر الماجد
پھر درود ہو نبی کریم پر		اور ان کی آل امجاد پر
ماجنّ اللیلُ أو سجیٰ	۱۶	أو خرّ للرحمٰن ساجِد
جب تک رات پوشیدہ کرتی رہے یا تاریکی چھائی رہے		یا جب تک خدا مہربان کے آگے سجدہ کرنیوالے سجدہ کرتے رہیں

بہجۃ الاسرار ص ۴۳۲

حل لغات ۱۲
خفی۔ پوشیدہ۔ خفیہ۔ عناد۔ دشمنی
عداوت۔ معاند۔ مخالف

حل لغات ۱۳
یاس۔ ناامیدی۔ مایوسی۔ ائست
میں مایوس ہوگیا۔ اقارب۔ رشتہ دار
نزدیک کے لوگ۔ یگانے۔ بعد۔ دوری
اباعد۔ دور والے۔ بیگانے۔

حل لغات ۱۴
عدو۔ دشمن۔ عداوت رکھنے والا
کن۔ ہوجا۔ ناصری۔ میرا مددگار
شماتت۔ شتم سے ماخوذ ہے۔

حل لغات ۱۶
جنّ۔ ڈھانک لیا جنون عقل کو
ڈھانک لیتا ہے۔ جنّ۔ پوشیدہ مخلوق
سجیٰ۔ چھاجائے۔ قرآن میں واللیل
اذا سجیٰ وارد ہے۔ ساجد۔ اسم فاعل
سجدہ کرنے والا۔

وله ۲۳

یَا حَبِیْبَ الْاِلٰهِ خُذْ بِیَدِیْ	۱	مَا لِیْ عَجْزِیْ سِوَاكَ مُسْتَنَدِیْ
محبوب خدا! میری دستگیری کیجئے		میرے لئے بجز آپ کے کوئی سہارا نہیں
کُنْ رَحِیْمًا لِزَلَّتِیْ وَاشْفَعْ	۲	یَا شَفِیْعَ الْوَرٰی اِلَی الصَّمَدِ
میری لغزشوں پر رحم فرمائیے اور شفاعت کیجئے		اے شافع امم بارگاہ صمدیت میں
اِعْتِصَامِیْ سِوٰی جَنَابِكَ لِیْ	۳	لَیْسَ یَا سَیِّدِیْ اِلَی الْاَحَدِ
بجز آپ کی ذات گرامی کے میرا کوئی وسیلہ		میرے آقا! بارہ گاہ احدیت میں نہیں
غَیْرُ عُرْوَاكَ لَیْسَ فِی الدَّارَیْنِ	۴	لِلْعَلِیْلِ الذَّلِیْلِ مُعْتَمَدِیْ
بجز آپ کے دونوں جہاں میں میرا کوئی معاون نہیں		اس بیمار اور ذلیل کے لئے قابل اعتماد نہیں
صَلَوَاتِیْ عَلَیْكَ فِی الْمَلَوَیْنِ	۵	كَانَ مُتَجَاوِزًا عَنِ الْعَدَدِ
دونوں جہاں میں آپ پر میرا درود		آں گنت بے حد و بے شمار
وَعَلٰی اَهْلِ بَیْتِكَ طُرًّا	۶	وَعَلٰی آلِكَ اِلَی الْاَبَدِ
نیز آپ کے اہل بیت پر		اور آپکی آل پر ابد سے ازل تک یعنی ہمیشہ ہمیشہ

حل لغات: اعتصام: مضبوط پکڑ لینا، سختی سے تھام لینا۔ واعتصموا بحبل اللہ ... اللہ کی رسی مضبوط تھام لو

وعلى الصحب كلهم اجمع	٧	هم نجوم الهدى الى الرشد
اور آپ کے تمام اصحاب پہ		جو رہِ ہدایت کے ستارے ہیں

وسلہ ۲۳ ردیف الراء

اذا ضاق حالی اشتکیت لخالقی	١	قدیر علی تیسیر کل عسیر
جب میرا حال تنگ ہوتا ہے تو اپنے خالق سے شکوہ کرتا ہوں		جو ہر دشوار امر کو آسان کرنے پر قادر ہے
فما بین اطباق الجفون و حلها	٢	انجبار کسیر وانفکاک اسیر
جو پلکوں کے بند اور کھولنے کی اتنی دیر میں		شکستہ دل کو تسلی اور اسیر غم کو رنج و الم سے نجات دے سکتا ہے
ایظلمنی دهری وانت وسیلتی	٣	واشکو من الاسوا وانت مجیری
کیا مجھ پر زمانہ ظلم کرتا ہے جبکہ تو میرا سہارا ہے		اور میں بدحالی کا شکوہ کرتا رہوں جبکہ تو پناہ دہندہ ہے
واظلما وانت العذب فی کل مورد	۴	واظلم فی الدنیا وانت نصیری
اور کیا میں تشنہ کام رہوں جبکہ تو ہر گھاٹ پر چشمہ شیریں ہے		اور کیا میں دنیا میں جور و جفا کا شکار ہوں جبکہ تو میرا مددگار ہے
وعار علی حامی الحمی وهو قادر	۵	اذا ضاع فی البید عقال بعیری
چراگاہ کے نگہبان کیلئے باوجود صاحب قدرت ہونے کے یہ عار کی بات ہے		کہ اونٹ کی رسی کھل جائے اور صحرا میں میرا اونٹ گم ہو جائے

یا اهل بیت رسول الله حبکم فرض من الله فی القرآن انزله
کفاکم من عظیم القدر انکم من لم یصل علیکم لا صلوة له

حضرت امام شافعی فرماتے ہیں۔ اے اہل بیت تمہاری محبت اللہ نے قرآن میں فرض کی ہے اور تمہاری فضیلت کے لئے یہی کافی ہے کہ جو تم پر نماز میں درود نہ بھیجے اس کی نماز ہی کامل نہیں ہوتی۔

آل اطہار کی عظمت و شان کا اظہار ہوتا ہے۔ درود بھیجو اس اشارے سے حضور کے اہلبیت و

صلی اللہ علی محمد و علی آل محمد
حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لا تصلوا علی الصلوة البتراء

حل لغات: صاحب۔ رفیق۔ مصاحب۔ ساتھی۔ ہم جلیس۔ نجم۔ ستارہ۔ رشد۔ نیکی بھلائی۔

تشریح: حدیث شریف میں ہے اصحابی کالنجوم بایهم اقتدیتم اهتدیتم۔ میرے اصحاب ستاروں کی مانند ہیں تم ان میں سے جس کی بھی پیروی کرو گے ہدایت پا جاؤ گے۔ اسلئے اہلسنت و الجماعت اہل بیت کے ساتھ صحابہ کرام پر بھی درود بھیجتے ہیں کہ جنہوں نے حضور اکرم کی رفاقت و معیت پائی انہیں حضور پر درود بھیجنے میں بھی شامل کر لیا جائے۔

وعلی التابعین هم لهم
اور ان تابعین پر بھی درود

حل لغات: ضیق۔ تنگی۔ ضاق۔ دشوار ہوا۔ عسیر۔ دشواری۔ تیسیر۔ آسانی۔

حل لغات: اطباق۔ بند کرنا۔ جفون۔ جمع جفن۔ پلک۔ انجبار۔ تسلی۔ کسیر۔ شکستہ حال۔ فکاک۔ رہا ہونا۔ اسیر۔ قیدی۔

تشریح: ... اذا الیک ... ان تقول له کن فیکون

وَلَاحَامِی الْمُلُوكِ اِلَّا اَمِيرُهٗ	٦	فَهَا اَنَا مَمْلُوكٌ وَاَنْتَ اَمِيرِی
غلاموں کا حامی اور مددگار اسکا آقا و مولا ہی ہوتا ہے		تو پھر میں تیرا غلام ہوں اور تو میرا آقا ہے

(فیوضات ربانیہ)

وَلَهٗ ۲۴

اِنَّ الْبِلَادَ وَمَا فِيهَا مِنَ الشَّجَرِ	۱	لَوْ بِالْهَوٰى عَطِلَتْ لَمْ تُرْوَىٰ بِمَاءِ مَطَرِ
تمام شہروں اور ان میں جو درخت ہیں وہ سب		اگر آتش محبت سے جلس جائیں تو وہ کسی بارش تر و تازہ نہ ہو سکیں گے
لَوْ ذَاقَتِ الْاَرْضُ حُبَّ اللّٰهِ اشْتَعَلَتْ	۲	اَشْجَارُهَا بِالْهَوٰى فِيهَا عَنِ الثَّمَرِ
اگر دنیا عشق الٰہی کا مزہ چکھ لے		تو آتش محبت کے شعلے درخت کے پھلوں سے تک نکلیں گے
وَعَادَ اَغْصَانُهَا جُرْدًا بِلَا وَرَقٍ	۳	مِنْ حَرِّ نَارِ الْهَوٰى يَرْمِينَ بِالشَّرَرِ
اور ان کی ڈالیں بلا برگ و بار برہنہ ہو جائیں		آتش محبت کے شرارے ان سے پھوٹا کریں
لَيْسَ الْحَدِيدُ وَلَا صُمُّ الْجِبَالِ اِذَا	۴	اَقْوٰى عَلَى الْحُبِّ وَالْبَلْوٰى مِنَ الْبَشَرِ
(غرضکہ) لوہا ہو یا بلند پہاڑ ہوں		بلائے محبت کے اٹھانے میں انسان سے زیادہ قوی نہیں

(قلائد الجواہر ص ۸۳)

ترجمہ :- قرآن میں آیا ہے۔ انا عرضنا الامانة على السموات والارض فابين ان يحملنها واشفقن منها وحملها الانسان انه كان ظلوما جهولا۔

حل لغات: عساکر۔ فوج لشکر۔ هموم۔ بزرگ و سردار۔ عسکر جمع۔ معسکر۔ لشکرگاہ

حل لغات: عرج۔ ٹیڑھا ہونا۔ لنگ ہونا۔ لغزش کھانا

حل لغات: حنین۔ آہ و زاری۔ حن الفراق۔ فرقت کے باعث آہ و زاری کی۔ استن حنانہ وہ ستون جو مسجد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فراق میں آہ و زاری کی تھی۔

آسمان بار امانت نتوانست کشید
قرعہ فال بنام من دیوانہ زدند

وله ۲۵

حُنِیْنُ قُلُوبُ العَارِفِینَ اِلَی الذِّکْرِ	۱	وَتَذْکَارُهُم وَقْتَ المُنَاجَاتِ لِلعُسْرِ
عارفوں کے دل یادِ الٰہی کیلئے بے چین اور آہ و زاری کی حالت میں رہتے ہیں		اور ان کے اذکار وقتِ مناجات رفعِ مصائب کیلئے ہوتے ہیں
هُمُوْهُم جَوَّالَةٌ بِمُعَسکَرٍ	۲	بِهِ اَهلُ وُدِّ اللهِ کَالاَنْجُمِ الزُّهرِ
ان کا سردار اُنکے لشکرگاہ کے ارد گرد گھومتا ہے		اس باعث عاشقانِ الٰہی چمکدار تاروں کی مانند ہوتے ہیں
فَمَا سَوَّاءِ الّا بِقُرْبِ مَلِیکِهِم	۳	وَلَا عَرَجُوا مِن مَسِّ بُؤسٍ وَلَا ضُرِّ
اپنے آقا سے انکی قربت کے باعث وہ شاداں و فرحاں رہتے ہیں		اور خوف یا تکلیف و مصیبت سے انہیں لغزش نہیں ہوتی
اَیَا نَفْحَةَ الاَلْطَافِ مِن لُطْفِ رَبِّنَا	۴	وَیَا سُرْعَةَ الیُسْرِ المُشَتِّتِ لِلعُسْرِ
اے عطر بیز نسیمِ لطف جو ہمارے رب کے الطاف کا ایک کرشمہ ہے		اور اے مشکل کو پراگندہ کرنے والی سرعت
وَیَا رَحْمَةَ المَولَی السَّمَاوِیَّةِ الَّتِی	۵	تَهُبُّ هُبُوبَ الرِّیحِ مِن حَیثُ لَا اَدْرِی
اور اے آقا کی آسمانی رحمت		جو ہوا کی مانند اسطرح لطیف چلتی ہے کہ میں اسکا احساس بھی نہیں کر سکتا
اِغَاثَةَ مَلْهُوفٍ اَضَرَّتْ بِحَالِهِ	۶	نَوَائِبُ لَا تَخْفَاکَ یَا عَالِمَ السِّرِّ
(اس) پریشان حال کی فریاد سن لے جسکے حال کو		مصائب نے ضرر پہونچایا ہے اور جو عالم الغیب تجھ سے مخفی نہیں

تشریح: جو واصل بحق ہوتے ہیں جن کو قرب ایزدی حاصل ہو گیا ہے تو حزن سے ان کو [illegible] علیهم ولا هم یحزنون [illegible]

حل لغات: نفحۃ۔ خوشبو کی لپٹ۔ مشتت۔ پراگندہ کرنے والا۔ هبوب۔ ہوا کا چلنا۔ نوائب۔ نائبۃ کی جمع۔ مصیبت

شَكَوْتُ اِلَى رُحْمَاكَ يَارَبِّ مِنْ ضُرِّي	۷	وَلَمَّا دَهَانِي حَالِي وَاشْتَدَّ خَطْبُه
تو میں اے بار الٰہا تیرے ہی رحم سے اپنی مصیبت کا شکوہ کیا		جب میری حالت نے مجھے تنگ کردیا اور میری مصیبت بڑھ گئی
وَضُعْفِي فَدَارِكْنِي بِلُطْفٍ فِي الْاَمْرِ	۸	فَمَنْ ذَا الَّذِي اَرْجُو سِوَاكَ لِفَاقَتِي
